۷۸۶

ھوالشافی

ھوالشافی

حکمت کے آسمان پر چاند اور ستارے،

حکمت کے

مفید ٹوٹکے

جو پچیس ۲۵ برس کی سر توڑ کوشش کے بعد حاصل ہوئے

مُرتّبہ

بابا عبدالکریم گجراتی

منگوانے کا پتہ: ملک سراج الدین اینڈ سنز
48/C لوئر مال، لاہور 54000

۷۸۶

ھو الشافی

ھو الشافی

حکمت کے آسمان پر چاند اور ستارے

حکمت کے مفید ٹوٹکے

جو پچیس ۲۵ برس کی سر توڑ کوشش کے بعد حاصل ہوئے

مرتبہ

بابا عبدالکریم گجراتی

منگوانے کا پتہ: ملک سراج الدین اینڈ سنز پبلشرز
48/C لوئر مال لاہور-54000

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عرضِ حال

ہزار ہزار شکر اس ذاتِ کریم و رحیم کا جس نے ہمیں انسان پیدا کر کے اشرف المخلوقات کا اعزاز بخشا۔ اور ہماری تخلیق اس مٹی سے کی جو ان گنت مخلوق کے علاوہ شجر و حجر کی ماں ہے، اس مٹی سے پیدا ہونے والی ہر چیز آخر مٹی ہی ہو جاتی ہے۔ اس مٹی میں ایک یہ بھی وصف ہے کہ وہ ہمارے ہر دکھ کا علاج ہے۔ اس میں پودے اُگتے ہیں جو انسانی اور حیوانی بیماریوں کے علاج بھی ہیں۔ سونا، چاندی، تانبہ، لوہا اور دیگر دھاتیں جہاں دوسری ضروریات کو پورا کرتی ہیں۔ وہاں یہ چیزیں ہمارے دکھ درد اور بیماری کے لئے علاج بن کر ہم پر خدائے کریم کا احسان ظاہر کر کے اس کی خدائی اور حقیقت کا ثبوت بھی بہم پہنچاتی ہیں۔ ہر وہ چیز جو زمین میں موجود ہے بیکار نہیں بلکہ ہمارے کام کی چیز ہے، اسی لئے قرآن میں ارشاد فرمایا کہ تم زمین کا آپریشن کرو ہم نے تمہارے لئے اس میں روزی اور بیش بہا خزانے رکھے ہوئے ہیں۔

یہ ارشاد خداوندی ظاہر کرتا ہے کہ جہاں سردی گرمی یا دیگر وجوہات کے باعث کچھ تکلیف ہوتی ہے وہاں اس کا علاج بھی اللہ جل شانہٗ نے ہمارے قریب ہی کہیں رکھا ہوا ہے۔ صرف کوشش اور تلاش کی ضرورت ہے۔

چنانچہ انسان نے اپنے خدا کی دی ہوئی عقل کو کام میں لانا شروع کیا۔

اور زمانہ کے ساتھ ساتھ معلومات کرتے کرتے آج یہاں تک پہنچ چکا ہے کہ انسان خود انسان کی دریافت پر حیران ہے۔ مگر بعض انسان بہت ہی کنجوس واقع ہوئے ہیں۔ اگر کوئی نئی دریافت کر لی تو اسے مخلوق خدا کے لئے عام نہیں کیا۔ میں ایسے لوگوں کو بے رحم کہوں گا۔ انھوں نے اپنی دریافت کو اپنے سینے میں پوشیدہ رکھا اور اپنی ذات کے سوا کسی دوسرے کو فائدہ نہ پہنچا سکے۔ چنانچہ آج دیکھئے کہ ہم دیگر ممالک کی معلومات کے محتاج ہیں، اور ہمیں ہر بیماری کی دوا زیادہ سے زیادہ قیمت پر خریدنی پڑتی ہے اور غریب کفیل نہیں ہو سکتے، اور علاج سے محروم رہ جاتے ہیں، مگر میں اب بھی کہوں گا، کہ ہمارے ملک کے حکماء کے پاس ایسے ایسے قیمتی موتی موجود ہیں جو انگریزی ادویات سے بدرجہا بہتر اور زود اثر ہیں، ان حضرات کو یہ مجربات انسانی بھلائی اور خدمت خلق کے لئے منظر عام پر لانے چاہئیں۔ اگر وہ ایسا نہ کریں گے تو وہ یقیناً خدا کے ہاں مجرم ہوں گے۔

آج سے تقریباً دو ماہ قبل میں نے اعلان کیا تھا کہ میں ایک کتاب **مُفید ٹوٹکے** اپنے بھائیوں کی خدمت میں پیش کرنے والا ہوں، علم حکمت سے شغف رکھنے والوں سے بھی درخواست کی تھی کہ وہ اپنے مجربات خصوصی جو نہایت ہی مختصر، سہل الحصول ہوں بھیجکر نادار، اور غریب دنیا کے فائدے کے لئے میرا ہاتھ بٹائیں، میں ان حضرات کا بے حد ممنون ہوں کہ جنھوں نے اپنے سینے کے راز اور آزمودہ نسخے روانہ کئے۔ بعض اصحاب نے پرانی طرز پر طویل نسخے بھی بھیجے، شاید وہ اصحاب ٹوٹکہ کا مفہوم نہیں سمجھ سکے۔

حکمت کے معنی یہ نہیں ہیں کہ ایک بیماری کے لئے ایسا نسخہ تیار کیا جائے جسے تیار کرتے کرتے مریض دم توڑ دے، کامل حکماء اور دانا

طبیب جنھوں نے ساری عمر حکمت کے موتی چننے میں گذاری وہ لمبے چوڑے نسخہ جات کے طومار نہیں اٹھائے پھرتے تھے بلکہ انھوں نے اشیاء کی خاصیت اعضاء پر ان کا اثر، ضرر اور طریق استعمال کی تحقیق میں وقت خرچ کیا، اور ایک ایک چیز کو مختلف مرضوں میں استعمال کر کے علم العلاج میں آسانیاں پیدا کیں۔ وہ نسخہ جات جن میں دس بیس بلکہ اس سے بھی زیادہ اشیاء ڈالی جاتی ہیں، امراء کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے کام تو آ سکتی ہیں، مگر نادار اور غربا کے لئے بے جا مصرف سے زیادہ وقعت نہیں رکھتیں۔

مجھے اس چھوٹی سی کتاب کے بعد بھی آپ کی معاونت کی اشد ضرورت ہے میرے مفہوم کو سمجھنے کے بعد اپنے مزید خاص ٹوٹکے بھیجئے جو صرف ایک دو یا زیادہ سے زیادہ چار اشیاء پر مشتمل ہوں۔ میں نے اپنا دل کھول کر وہ نایاب ٹوٹکے آپ کے سامنے رکھ دیئے ہیں جو غریب دنیا کے لئے حقیقتاً مفید ہوں گے، مگر ان نسخہ جات کے متعلق میں خاموش ہوں، جو کسی دوسرے کے نام سے اس کتاب میں درج ہیں۔ تاہم یہ ضرور کہوں گا کہ جن دریا دل اصحاب نے میرے مطلب کو سمجھا۔ انھوں نے اپنے مجربات خدمت خلق کے لئے بھیجے ہیں وہ ضرور مجرباتِ خصوصی کا کام دیں گے۔ خدا آپ سب کو جزائے خیر دے، آپ نے اپنی غریب قوم کی ایک بڑی خدمت سرانجام دی ہے۔

خیر اندیش

بابا عبدالکریم گجراتی

مُناجات!

مجھے میرے مولا تو اپنا بنا لے
میرا سر ہے سجدے میں اسکو اٹھا لے
تیری یاد سے دل کو رکھتا ہوں خندہ
الٰہی اُڑا دے جو بادل ہیں کالے
حقیقت ہے جو بات میں کہہ رہا ہوں
کہ توبہ نے میرے ہیں آنسو نکالے
کیا تُو نے وعدہ ہے لَاتقنطوُ کا
میری آرزو ہے کہ دیکھوں اُجالے

سُنائے کسے حال اختر یہ جا کر
تو مالک ہے سب کچھ ہے تیرے حوالے

حکیم محمد زاہدعلی لاھوری قادری نقشبندی
(Free Tibbi Books Group)

فہرست مضامین

١- امراض مرداں ٨
٢- امراض زناں ١٢
٣- امراض بچگان ١٦
۴- امراضِ سر ٢٢
۵- امراض ناک ٢٧
٦- امراض آنکھ ٢٩
٧- امراض دانت ٣٣
٨- امراض کان ٣۵
٩- گلے کی مرضیں ٣٧
سینہ کی مرضیں ٣٩
١١، دل و دماغ کی مرضیں ۴٣
١٢- پھیپھڑے اور جگر کی مرضیں ۴۵
١٣- پیٹ کی مرضیں ۴٦
١۴- تلی کی مرضیں ۵٢
١۵- مثانہ کی مرضیں ۵٣
١٦- گردہ کی مرضیں ۵۵
١٧- بخاروں کا علاج ۵٦
١٨- یرقان کا علاج ۵٨
١٩- مختلف مرضیں ۵٩
٢٠- غیر متوقع حادثے ٦٧

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مفید ٹوٹکے

امراضِ مخصوصہ مرداں

جریان

★ سخت گرمی ہونے، کثرت جماع، بد خیال وغیرہ سے ہوتا ہے۔ اس کا فوری علاج اس لئے ضروری ہے کیونکہ منی خون سے زیادہ قیمتی ہے۔ گرم اشیاء۔ جماع کو چھوڑ کر اپنے کسی کام میں خوب مصروف رہیں۔ تاکہ بد خیال نہ پیدا ہوں:-

(۱) کیکر کی کچی پھلیاں پانچ تولہ لے کر بھیڑ کے دودھ میں پکا کر کھویا ماریں اور اس میں الائچی مصری وغیرہ ڈال کر خوراک ایک تولہ استعمال کریں۔ (توسوی)

(۲) جوش کردہ دودھ میں شہد حسبِ منشا ڈال کر پینا بھی نہایت مفید ہے۔ منی کو گاڑھا کرتا، اور کمر درد کو دفع کرتا ہے۔ گرم مزاج اسے استعمال نہ کریں: (〃)

(۳) قلعی کا کشتہ، چاندی کا کشتہ، سہ دھاتہ کشتہ نہایت نفع بخش ہیں۔ (〃)

(۴) پوست بیخ سنیا ناسی، ماشہ علی الصباح تازہ شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔ (")

(۵) خصیتہ الثعلب ۵ تولہ، موصلی سفید دکھنی ۱۰ تولہ، تخم ریحان ۵ تولہ، پہلی دو چیزیں کوٹ چھان لیں اور تخم ریحان سالم ملا لیں، خوراک ۶ ماشہ ہمراہ نیم سیر شیر گاؤ نرم نرم آگ پر پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو ایک رتی کشتہ سہ دھاتہ ملا کر کھائیں۔ ۴۰ دن تک صحت ہو گی، پرہیز ضروری ہے۔ (حکیم عبد اللہ)

(۶) اگر نسخہ معمولی سمجھ کر کوئی توجہ نہ دے تو وہ بد قسمت ہے، ٹاہلی کے مٹھی بھر پتے ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح مل اور چھان کر ۳ تولہ مصری ملا کر پئیں۔ گرمی خارج ہو گی اور جریان سے نجات ہو گی، دس روز پئیں۔ (حکیم عبد اللہ)

- منی کا گاڑھا ہونا گویا جریان کا خاتمہ ہے اور گویا قوتِ باہ میں اضافہ بھی۔

(۷) کشتہ شنگرف یا کشتہ فولاد شنگرفی قوتِ باہ میں اکسیر ہیں۔

(۸) قوّت باہ میں اضافہ کے لئے غریبانہ ٹوٹکہ، گودہ کنوار گندل پاؤ بھر گائے کے ایک سیر دودھ میں کھویا بنائیں اور اس میں چینی ملا کر روزانہ آدھی چھٹانک صبح کے وقت کھایا کریں۔ نہایت عجیب ہے۔ (قوسوی)

(۹) اسی نسخہ میں مصطگی رومی اور موصلی سفید ۶ - ۶ ماشہ لیں تو نہایت بہتر ہے (")

(۱۰) تخم مولی تین ماشہ روزانہ شیر گاؤ سے کھانا مقوی باہ ہے۔

(۱۱) نیم پختہ مرغی کے انڈے پر تخم مولی ایک سے تین رتی ڈال کر روزانہ کھانا مقوی باہ ہے (")

(۱۲) ستیا ناسی کی کونپلیں چھیل کر گوشت میں بھون کر کھانا نہایت اکسیر ہے۔ اسی طرح حلوہ پکا کر کھانا بھی مقوی باہ ہے۔ (")

(۱۳) پوٹاشیم برومائیڈ ۶× ذکاوتِ حس کے لئے نہایت مفید ہے۔

(۱۴) کثرتِ جماع سے جبکہ انسان قبل از وقت بوڑھا ہو گیا ہو تو اگنس کاسٹس ۶× سے ۱۲ تک دینا اکسیر ہے۔ (ڈاکٹر محمد حسین راقب)

(۱۵) جریان کے لئے آرسنک البم ۳۰× ایک قطرہ ۱۵ منٹ بعد ۳۰ منٹ (")

(۱۶) پراگندہ خیال لڑکوں اور لڑکیوں کو احتلام، جریان، اور رطوبت کے لئے ہومیو پیتھک

حکیم محمد زاہدعلی لاھوری قادری نقشبندی
(Free Tibbi Books Group)

دوا اوری گینم × ۳ خوب اثر رکھتی ہے۔ (ڈاکٹر اوراق ایم۔پی۔ایچ)

(۱۷) نسخہ نمبر ۵ کو دوسرے وزن یعنی ۲-۲ تولہ اور ریحان کو ۴ تولہ اسی طرح تیار کر کے استعمال میں لائیں۔ بے خطا ٹوٹکہ ہے۔

(۱۸) احتلام کے لئے مغز تخم ریٹھہ پیس کر ہموزن چینی ملا کر پانی کی مدد سے گولیاں چنے برابر بنائیں۔ ۲ گولی صبح اور شام ہمراہ شیر گائے (راجہ محمد یوسف بی۔اے)

(۱۹) سفوف دارچینی ۳ ماشہ، نیم سیر گرم دودھ میں ڈال کر نوش کریں گائے کا دودھ بہتر ہوگا

(۲۰) جریان کا ہومیوپیتھک میں بہترین علاج یہ ہے ___ منی یونہی خارج ہوجاتی ہو تو کالی بروڈیم × ۳۰ (۲ گرین) رات کو سوتے وقت کھائیں۔

(۲۲) ویجی ٹیلین × ۳ ایک گرین بھی نہایت اچھی ثابت ہوئی ہے۔

(۲۲) محض باتیں سننے اور مستورات کے دیکھنے سے حرکت آجاتی ہو تو کونیم × ۳۰ دیں،

(۲۳) دافع جریان اور ممسک ہے، کافور ۱ ماشہ، اجوائن خراسانی ۳ ماشہ، جوزبویا ۳ ماشہ، سمندر سوکھ، افیون ایک ماشہ سب کو یکجان کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں، بے حد ممسک ہوں گی!

(۲۴) قوت باہ کے لئے پان کی جڑ ایک تولہ سفوف تیار کر کے ایک گلاس دودھ گائے کے ہمراہ کھائیں! (قوسوی)

(۲۵) زیادہ عمر پر پہنچ کر تمام اعضاء کے کمزور ہوجانے سے قوت باہ کم ہوجائے تو اس کے لئے عمدہ غذائیں، مصفی خون اور خون پیدا کرنے والی دوائیں استعمال کریں اور پھر لائیکوپوڈیم × ۱۰۰۰ سات سات روز بعد کھائیں۔ قوت باہ عود کر آئے گی!

(۲۶) جڑ ستیاناسی کا چھلکا پیس کر برابر وزن چینی ملائیں اور دو سے تین ماشہ تک ہمراہ شیر گائے استعمال کرائیں، جریان کے لئے اکسیر ہے۔

(۲۷) تخم ریٹھہ بھی اسی طرح استعمال کریں؛

ایک نایاب نکتہ

(۲) گھر پسے ہوئے آٹے کا چھان محفوظ رکھیں۔ قدرت نے اس میں وہ طاقت بخشی ہے

کہ شاید کسی اور میں نہ ہو، چائے کی جگہ اسے ڈال کر چاء بنا کر پینے والا کبھی نامرد نہ ہوگا قوت باہ کے لئے یہ اکسیری ٹوٹکہ ہے، علامہ مشرقی نے اس کی تعریف فرمائی اور یہ بھی فرمایا کہ نہ جانے اس بد، اور کیا کیا قوتیں پنہاں ہیں جو انسان کیلئے یقینی طور پہ مفید ہیں۔

طلاء

) چوہے کی مینگنی کو شہد میں حل کر کے عضو پر لیپ کریں، باہ کیلئے بھی مفید ہے اور ملذذ بھی (توسوی)

۲) تیل چنبیلی تولہ میں دوائی ۲ ماشہ خوب حل کر کے عضو پہ لیپ کریں اور پان کا پتہ باندھیں جہاں تک جلن ہو، برداشت کریں، پھر نیم گرم پانی سے دھو کر گھی لگائیں، یہ عمل چھ روز کریں۔

۳) موٹا کرنا ہو تو کیچوے خشک پیس کر دودھ میں حل کر کے اکیس روز روزانہ استرا کر کے لیپ کریں بہت خوب ہے.

۴) شاہانہ طلاء: آدھ سیر تیل کنجد میں ۲ سیر پیاز سفید کتر کر ڈال دیں. اور آگ پر رکھ دیں جب پیاز جل جائے تو تیل اتار لیں اور یہ تیل روزانہ گھٹنوں سے لیکر ناف تک مالش کریں. باندھنا کچھ نہیں، صرف ٹھنڈے پانی سے پرہیز، ۱۲-۳ دن کا استعمال عجیب انقلاب پیدا کر دے، کوئی پھنسی آبلہ تکلیف نہ ہوگی. (توکلی)

۵) ساون کے مہینے میں پلچھی پر سے ایک بھنگو کتا لے کر رگڑ کر عضو پر حشفہ سیون چھوڑ کر لیپ کر دیں، یہ لیپ آٹھ دن لگا رہنا چاہیئے. مقصد حاصل ہوگا. آٹھ دن پانی کا پرہیز لازم ہے. (〃)

امراضِ زناں

سیلانُ الرِحم

(۱) مازو بے سوراخ ۵ عدد لیکر ایک سیر ماش سیاہ سالم میں ۵ سیر پانی ڈال کر پکائیں ماش گل جائیں اور مازو پھول جائیں، مازو نکال کر چھاؤں میں سکھا کر پیس لیں، ماش زمین میں دفن کر دیں تاکہ کوئی کھا نہ لے۔ مازو کا سفوف ۱-۲ رتی پاؤ بھر دہی میں ملا کر استعمال کریں۔ مجرب اور معمول ہے۔ (توکلی)

(۲) کھجور آدھ پاؤ۔ ہریڑ آدھ پاؤ۔ ہریڑ کی گٹھلیاں نکال کر دونوں چیزیں جو کوب کر کے ۲-۲ تولہ کی پڑیا بنالیں، شام کو ایک پڑیہ آدھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح پانی اتار لیں، ایک گھونٹ پی لیں اور باقی پانی سے آبدست کریں، پھر دوسری پڑیہ پہلے فضلہ میں ڈال کر آدھ سیر پانی میں بھگو کر اسی طرح عمل کریں، سات دن اسی طرح کریں، یہ یاد رہے کہ کھجور اور ہریڑ کا فضلہ پھینکنا نہیں، بلکہ پہلے کے ساتھ ہی تازہ ڈال کر بھگونا ہے، یہ نہایت سستا، سادہ اور نفع میں کمال رکھتا ہے معمولی نہ جانیں۔ (")

(۳) سپاری دکنی چکنی ۵ تولہ کوٹ کر ایک سیر گائے کے دودھ میں پکائیں کہ سفوف رہ جائے مگر جل نہ جائے اب اس میں مائیں خورد، مائیں کلاں، کرکس ½۲-½۲ تولہ اور مصری ۵ تولہ کوٹ کر ملا لیں، خوراک ۱-۳ ماشہ تک ہمراہ شیر گائے رحم کی جملہ امراض کو مفید ہے۔ (توسوی)

- نوٹ: اگر آپ تیار نہ کر سکیں تو ہم سے طلب کریں۔

(۴) حیض تکلیف سے آنا۔ ایلوا عمدہ قسم۔ ریوند عصارہ، ایک ایک تولہ، ہیرا کسیس،

حکیم محمد زاہدعلی لاھوری قادری نقشبندی
(Free Tibbi Books Group)

زعفران ۶-۶ ماشہ علیحدہ علیحدہ؛ پیس کر ملا لیں اور پانی کی مدد سے کوکنی گولیاں بنائیں: ایک گولی ہمراہ شیر گرم یا شربت بزوری گل خافث والا حیض آنے سے قبل اور بعد ایک ایک ہفتہ استعمال کریں۔ (فوسوی)

(۵) **حیض کشا:** سونف ۲½ تولہ۔ پانی تین پاؤ میں جوش دیں کہ ایک پاؤ رہ جائے پن چھان کر گرم گرم پلائیں اور رضائی اوڑھ لیں۔ انشاء اللہ ایک سے دو خوراک میں آرام ہو۔ (حکیم عبداللہ)

(۶) کثرت حیض کو روکنا، ملٹھی کا چھلکا اتار کر کوٹ لیں اور چاول کے پانی کے ہمراہ دن میں دو سے تین بار استعمال میں لائیں۔ خوراک ۶ سے ۹ ماشہ تک! (〃)

(۷) سیلان الرحم کے لئے گوند کیکر دس تولہ روغن گاؤ میں خوب بریان کر کے ہموزن چینی ملا لیں، روزانہ ایک تولہ سے دو تولہ تک بکری کے دودھ میں صبح کو کھائیں۔ یہ گوند مستورات کی کمر درد کو بھی نافع ہے۔

(۸) آسان ولادت کے لئے: زعفران کشمیری، جدوار عمدہ، عنبر عمدہ، تینوں ہموزن لیکر کوٹ کر پانی کی مدد سے ماش کے برابر گولیاں بنائیں، اندازاً دو ہفتہ قبل از وقت ایک گولی روزانہ کھائیں اور جس دن آثار ولادت معلوم ہوں چار یا پانچ گولیاں کھائیں، بغیر تکلیف کے بچّہ پیدا ہوگا۔ یہ گولیاں چند روز بعد بھی استعمال کریں کہ کمزوری دُور ہو جائے، مجرّب ہے۔ (حکیم عبدُاللہ) (دعاؤں کے ساتھ)

مُردہ بچّہ

(۱) بچّہ اندر ہی اندر مر جائے تو اسے جلد باہر لانا اشد ضروری ہے۔ کیونکہ عورت کی جان کا خطرہ ہے۔ پٹھکنڈا کی جڑ کوٹ کر بتی بنا کر رحم میں رکھوائیے!

(۲) زیادہ دیر ہو پٹھکنڈا کی جڑ پیس کر ناف کے نیچے لیپ کریں۔

(۳) پٹھکنڈا کا پودا بمعہ جڑ اکھاڑ لائیں اور عورت کے سر کی جانب سے آہستہ آہستہ پیٹ کی طرف لے جائیں۔ ناف کے قریب پہنچ کر یک دم آگے لے جائیں، بچّہ تولد ہوگا۔ یہ

عمل ایک عجوبہ کرشمہ اور شانِ قدرت ہے۔ (قوسوی)

حیض بند ہونے کے لئے

(۱) کلکیریا کارب ۶x جب کہ سر درد سینہ میں درد، سانس پھول جانا، رنگدار سیلان ہو
[ڈاکٹر محمد حسین راقب]

(۲) پستان ڈھیلے پڑجائیں تو اقاقیا ۶ ماشہ، مازو ایک تولہ، چھلکا انار تولہ، کوٹ کر سرکہ میں ملا کر اوپر لگائیں، مگر ہمیشہ انگیا کا استعمال لازم ہے۔ (قوسوی)

(۳) پستان تن جائیں، درد ہوتا ہو اور غدود پیدا ہو کر سوجن معلوم ہو، سنگی لگا کر دودھ خارج کریں۔ آلو بخارا ۴ سے ۵ دانہ، تخم کاہو ۳ ماشہ، زرشک ۴ ماشہ سب کو دودھ میں بھگو رکھیں اور گھنٹہ بھر میں دو تین مرتبہ ملیں، کسی ٹھنڈے شربت کاسنی یا صندل کے ہمراہ پلائیں؛

(۴) حاملہ کو قے آتی ہو تو آلو بخارا ۵ دانہ، سونف ۵ ماشہ، عرق گاؤ زبان ۳ چھٹانک میں گھونٹ گھونٹ تھوڑے وقفہ کے بعد پلائیں۔ مجرّب ہے۔ (قوسوی)

(۵) اسقاط اور دائمی اسقاط جو ہر بار ہو جاتا ہو اس کے لئے یہ نسخہ بہت ہی خوب ہے — ناسفتہ مروارید ایک ماشہ کو لیموں کے رس میں رگڑ کر سفوف بنالیں پھر گندھی جوک ۱ تولہ، گل نیلوفر ۱ تولہ، خوب باریک کر کے پہلے سفوف میں ملا کر پانی کی مدد سے چوہے کی مینگن کے مطابق گولیاں بنائیں، روزانہ ایک گولی پانی سے۔ ایام حیض میں ناغہ کریں جب حمل ہو جائے تو بھی یہی گولیاں کھاتے رہیں۔ اولاد نرینہ پیدا ہو گی، اور اسقاط کی مرض سے نجات ہو گی، یہ نسخہ ایک بابرکت بزرگ سے عطا ہوا، (")

حیض کشائی کے لئے:

(۶) مصبر زرد، نوشادر، چونہ صدف، تمباکو خوردنی کو پیس کر ڈیڑھ سے دو انچ لمبی بتیاں بنائی جائیں۔ جب سوکھ جائیں تو کسٹرائل میں بھگو کر اندر رکھوائیں۔ ۲۴ گھنٹہ کے اندر اندر خون جاری ہو گا۔ (قوسوی)

(۷) حیض کثرت سے آتا ہو تو نورالخام، گیرو، سنگ جراح ہموزن لیکر باریک

کرلیں، ۲ ماشہ سے ۳ ماشہ دن میں دوبار کچی لسّی کے ہمراہ دیں، مفید و مجرب ہے (قوسوی)

(۸) **کثرت حیض کا ہومیو علاج**: اگر خون خوب سرخ اور چمکدار ہو تو فاسفورس × ۳۰ فائدہ مند ہے اور چمک کم ہو یا بالکل نہ ہو تو چائنا × ۳۰ استعمال کریں،

(۹) **معین حمل نسخہ**: ریش پیپل اور سرخ شکر پاؤ پاؤ خوب پیس کر یک جان کر کے طرفین ایک ایک تولہ دونوں وقت ہمراہ شیر گرم کھائیں۔ عورت حیض آنے سے قبل شروع کرے، اور بعد فراغت مجامعت کریں۔ اگر کوئی اور مرض ہو تو اس کا علاج پہلے لازم ہے۔ (قوسوی)

(۱۰) **بانجھ پن کے لئے**: اشوکا مدر ٹنکچر بے نظیر ثابت ہوا ہے۔ عورتوں کی جملہ مخصوص بیماریوں کا علاج ہے، ۵ قطرے دوا پانی میں استعمال کریں، اور ایک دن میں تین خوراک ہیں۔ [ڈاکٹر نور الٰہی]

(۱۱) **اندام نہانی میں خارش کیلئے**: ست پودینہ، پانی، میٹھا تیل یا روغن زیتون یا کسی عام ویزلین میں ڈال کر کپڑا تر کریں اور اندر رکھ کر لنگوٹ نرم باندھ دیں،

(قوسوی)

(۱۲) **سہل ولادت**: سنگ مقناطیس کا ٹکڑا بوقت ضرورت عورت کے ہاتھ میں دیں۔ حیرت انگیز ہے۔ (〃)

(۱۳) **سہل ولادت کیلئے**: اکونائٹ۔ کالوفائیلم میں سے کوئی دوا × ۳ دیں، وقت سے پہلے دی جائیں تو اور اچھا ہے۔ یہ ادویات درد میں کمی اور ولادت میں سہل پیدا کرتی ہیں۔ اگر دیر لگ رہی ہو تو کلکیریا فلور × ۴ کا کھلانا آسانی پیدا کرتا ہے (ڈاکٹر نور الٰہی)

(۱۴) **مانع حمل**: چوہے کی مینگنی شہد میں پیس کر رحم میں لگائیں۔ نہایت بہتر ہے۔

(قوسوی)

بچوں کے امراض

(۱) بچہ کا **ہاضمہ** ٹھیک نہ ہو، پیٹ میں درد محسوس کرتا ہو، ننھے بچوں کا ہاتھ درد کی جگہ بار بار جاتا ہے۔ رنگ برنگ دست آتے ہوں اور دانت تکلیف سے نکلتے ہوں تو ہومیو پیتھک دوا کیمومیلا × ۱ کا استعمال لاجواب ہے۔ (ڈاکٹر محمد حسین راقب)

(۲) بچہ کو جب کہ سخت **قبض** ہو تو ہومیو علاج اوپیم × ۶ بچہ کی سستی اور غنودگی کو دور کرتا ہے۔ (ڈاکٹر محمد حسین راقب)

(۳) تریاق بچگان:

نردی سفید عمدہ مقشر، پوست ہلیلہ، پودینہ باغی ہموزن پیس کر شیشی میں رکھ لیں، بچہ کی تقریباً ہر بیماری کا علاج ہے یعنی پیچش، رنگ دار دست، سردرد، سرسام، قبض ام الصبیان وغیرہ، حکیم عبداللہ صاحب کا شکریہ ادا کریں، میں نے یہ نسخہ بارہا آزمایا اور درست پایا۔ لاجواب ٹوٹکہ ہے' (قوسوی)

(۴) بچہ کی ماں مریضہ ہو تو دودھ چھڑا دیں یا اور انتظام کریں، یہ بھی بچہ کا خاص علاج ہے۔ (قوسوی)

(۵) اکسیر اطفال بے خطا ٹوٹکہ ہے' **قے' دست**' گھنڈی، بخار، وغیرہ کیلئے' مغز کول ڈوڈہ، طباشیر کبود، نربسی اصلی، زہر مہرہ، خطائی، دانہ الائچی خورد' سوڈا بائیکارب، گیری، ہموزن پیس کر مثل غبار کر کے محفوظ کریں، خوراک ایک سے ۲ رتی، دن میں دو تین مرتبہ' (حکیم الطاف حسین)

(۶) بچوں اور بڑوں کی **کالی کھانسی** کے لئے سیاہ رنگ کے بکرے کی تلی حاصل

کر کے اس میں جس قدر فلفل دراز سی سکیں سی دی جائیں۔ پھر ڈولی میں گل حکمت کر کے آٹھ سے دس سیر کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر پیس دیں۔ نہایت مجرب ہے۔ (قوسوی)

(۷) بچوں کا **نمونیہ** جسے ڈبہ کا نام دیا گیا ہے۔ ٹوٹکہ نمبر۳ کے علاوہ یہ دوا بھی اسکے لئے اکسیر ہے۔ مغز کرنجوا ۴ دانہ لے کر نیلہ تھوتھہ ایک رتی سے ۱½ رتی تک کھرل کر کے خشخاش کے دانہ کے برابر گولیاں بنا لیں، خوراک ایک گولی پانی میں گھس کر دیں، قے ہوگی اور آرام ہوگا۔ (قوسوی)

(۸) بچوں کا **پیشاب بند** ہونے پر جوکھار، نوشادر ہموزن پیس کر ۲ رتی سے ۴ رتی تک ہمراہ پانی گرم سے دیں۔ پیشاب کھل کر آجائے گا۔ (")

(۹) مولی کا پانی دینے سے بھی پیشاب جاری ہوجاتا ہے۔ اگر پھر بھی نہ نکلے تو ربڑ کی نالی سے نکالیں۔ (")

(۱۰) بچوں کو خواہ مخواہ **الٹی** ہوا کرتی ہے، بار بار آئے تو ہومیو پیتھک دوا ابیکاک ۳x یا آرسنک ۳۰x دیں، نہایت عمدہ ہے۔

(۱۱) **خسرہ، کاکڑا، چیچک** کے لئے، سبازول کی گولیاں نہایت مفید ثابت ہوئی ہیں۔ عمر کے لحاظ سے ½ گولی نیم گرم پانی سے دیں، **خرابیٔ خون** کے لئے بھی بہت عمدہ ہیں۔

(۱۲) **چیچک** کے لئے ہومیو پیتھی انیٹی مونیم ٹارٹریٹ ۳۰x ہر تین چار گھنٹہ کے بعد دیتے رہنا نہایت ہی اچھا ہے۔

(۱۳) **چھپاکی** کے لئے نہایت ہی مجرب ٹوٹکہ ہے، پودینہ سبز ایک تولہ اور شکر تری دو تولہ، عمر کے لحاظ سے پانی میں گھوٹ چھان کر پلائیں۔ انشاء اللہ ایک ہی خوراک سے آرام ہوگا۔ کبھی یہ مرض بڑوں کو بھی لاحق ہوجاتی ہے۔ مقدار خوراک زیادہ کرلیں،

(۱۴) چھپاکی کا ہومیو علاج: ایپس میلیفیکا ۳۰x اگر اس سے آرام نہ ہو تو نیٹرم ۳۰x دیں اور جسم میں چبھن اور جلن محسوس ہوتی ہو تو آرسینکم ۴x استعمال کرانی چاہیئے۔

(۱۵) بچہ پیدا ہونے کے بعد بعض اوقات بچہ کے ناک منہ اور نیچے سے خون نکلنا شروع ہو جاتا ہے، جس کا بند کرنا اشد ضروری ہے۔ انگریزی دوا ڈامن کا انجکشن لگوائیں یا ٹکیاں حاصل کر کے ایک ٹکی کھلا دیں۔ پھر ضرورت پڑنے پر دوسری دیں۔

(۱۶) بعض دفعہ **ختنہ** کا خون بند نہیں ہوتا۔ اس کا بھی یہی علاج ہے۔

[قوسوی]

(۱۷) بچوں کا **مُنہ پک جانا**۔ کھمبی خشک پیس کر رکھیں۔ آبلوں پر لگائیں اکسیر ہے۔ [قوسوی]

(۱۸) سہاگہ بریاں، شہد یا گلیسرین میں ملا کر لگائیں۔ مجرب ہے۔ (قوسوی)

جِلدی امراض

جِلد کی ہر مرض تقریباً فساد خُون کے باعث ہوتی ہے۔ اس لئے ان امراض کے لئے مصفّی خُون ادویات کا استعمال نہایت ضرُوری ہے۔

* * *

(۱) ہرن کھری، منڈی، برہم ڈنڈی، چرائتہ، شاہترہ، سنیا ناسی خاص طور سے مصفّی خون ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی ۶ ماشہ لے کر تین چار تولہ پانی میں گھوٹ کر پینا مصفّی خون ہے۔ (قوسوی)

(۲) اگر ان بوٹیوں میں کسی ایک کے ساتھ ساتؔ دانہ کالی مرچ ڈال کر گھوٹ کر پیا جائے تو زیادہ قوی العمل ہوں گی۔

(۳) آملہ ساز مصفی، ہلیلہ، بلیلہ، آملہ، تمام ہموزن کوٹ کر ۳ سے ۵ ماشہ تک صبح تازہ پانی سے کھانا نہایت خوب ہے، دس بارہ روز تک استعمال کریں۔ (قوسوی)

(۴) کشتہ فولاد اور خبث الحدید اعلیٰ درجہ کے مصفی خون ہیں۔ اور جسم کو طاقت اور باہ کیلئے شاندار فوائد رکھتے ہیں۔

(۵) پھنسیاں جن سے پانی بھی رستا ہو اور جلد کو مزید زخمی کرتا چلا جائے۔ ان کے لئے گڑو، کمیلا، کالی زیری، مرداسنگ ایک ایک تولہ نیلا تھوتھہ ایک ماشہ سب کو باریک پیس کر تیل سرسوں کی مدد سے مرہم تیار کریں۔ بچوّں کے سروں پر ایسی پھنسیاں عام نکلتی ہیں۔ بچے کی ماں کو مصفی خون ادویات دیں۔

(۶) بہنے والے **ناسور** اور پھنسیاں پھکنڈہ کے پانی میں دھوئیں مجرب ہے

(۷) **پھوڑے**، پھنسیوں کے لئے عجیب مرہم ہے۔ سندھور ۲ تولہ، تلوں کا تیل ۵ تولہ، نیلہ تھوتھہ نصف ماشہ، کڑچھی میں تیل ڈالیں۔ جب خوب گرم ہو، سندھور ڈال دیں۔ جوش آنے پر اتار لیں۔ پھر رکھیں، دوا سیاہ ہو جائے۔ اب اتار کر نیلہ تھوتھہ باریک کر کے ڈال کر ہلاتے رہیں کہ ٹھنڈا ہو جائے اعلیٰ قسم کی مرہم ہے۔

(۸) ناسور ہو تو روغن تارپین ۱ اونس۔ آیوڈوفارم ۱ ڈرام ملاکر روئی سے بتی بناکر ناسور میں رکھ دیں۔ مجرب ہے، خیال رہے کہ ناسور پرانے پھوڑے کو کہتے ہیں۔

(۹) پھوڑے پھنسیوں کے لئے اکسیری مرہم: رال ۵ تولہ۔ میٹھا تیلیہ ۵ تولہ۔ کتھ سفید تولہ۔ پھٹکڑی ڈیڑھ تولہ۔ پانی ۵ تولہ۔ نیلہ تھوتھہ تولہ۔ پیس کر غبار کر لیں۔ پھر میٹھے تیل میں جو جلا ہوا ہو میں ڈال کر مرہم بنالیں۔ تارپین کے تیل میں بنائیں تو اور بھی اچھی مرہم تیار ہوگی۔

(۱۰) چنبل کے لئے نہایت عمدہ تیل ہے۔ پوست شیشم ۵ تولہ۔ گندم اڑھائی گنا۔ نوشادر ۵ تولہ اور چھلکا ناریل ۵ تولہ۔ سب چیزوں کا بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں، اور زخموں پر روئی سے لگا کر دھوپ کا سینک لیں۔ تیر بہدف ہے۔

(۱۱) **ناسور** کے لئے۔ حرام مغز کا پھاہا۔ دن میں دو بار لگانے سے دو تین روز میں آرام آجاتا ہے۔

(۱۲) **گندم** کو سرسوں کے تیل میں جلا کر خوب پیس کر یک جان کر کے دن میں دو تین پھاہے لگایا کریں۔

(۱۳) **گلے** کے امراض میں ٹوٹکہ نمبر ۶ ناسور کے لئے بہترین ٹوٹکہ ہے۔

(۱۴) **چھپاکی** کے لئے: نوشادر ۲ رتی۔ سرکہ سکنجبین یا لیموں کے پانی میں بقدر دو گھونٹ دن میں دو تین بار پلائیں۔ مجرب ہے۔ (توسری)

(۱۵) **خرابی خون** کے لئے: ایک چھپکلی مار کر توے پر رکھیں اور اس پر پھٹکڑی اس قدر ڈال دیں کہ وہ چھپ جائے۔ اب پھٹکڑی پھول کریں، جب

پھلنا ختم ہوجائے تو جلنے سے پہلے اتار لیں۔ اور محفوظ کرلیں۔ ایک رتی ہمراہ آب دن میں ایک بار استعمال کریں۔ مجرب ہے۔ (")

(۱۶) **بھگندر** کے لئے اعلیٰ ٹوٹکہ: سمندر سوکھ جلا کر زخم کو بھر دیں۔ اور اوپر گولر کے دودھ کا پھاہا لگا دیں۔ سات دن تک، دیگر پرانے پھوڑوں کے لئے بھی مفید ہے۔ (قوسوی)

امراضِ سر

سر چکرانا

(۱) کشتہ چاندی چار چاول، ایک تولہ مکھن میں نہار مُنہ روزانہ ایک ہفتہ تک کھلائیں ؛ (قوسوی)

(۲) روغن زیتون کی سر پر مالش کریں اور چند قطرات کانوں میں ٹپکائیں ؛ (〃)

(۳) اسی باب کا نسخہ نمبر۱۱۔ استعمال کریں ؛ (〃)

(۴) اطریفل کشنیز ۶ ماشہ صبح و شام استعمال کریں ؛ (توکّلی)

سر درد

(۵) اس کا اصل باعث قبض ہوتا ہے، طبیعت کے موافق حلاب لیں ؛

(۶) تیل ستیاناسی کے چند قطرات پیشانی پر ملیں اور دو دو قطرے ناک میں ٹپکائیں (قوسوی)

(۷) امرت دھارا یا آب حیات ایک ہی چیز ہے' پیشانی پر لگائیں، وقتی طور پر مفید ہے

بعض اوقات اس سے درد بالکل کافور ہو جاتا ہے۔ اگر درد کا باعث قبض نہ ہو تو اس کا سبب تلاش کریں، اگر درد متواتر ہوتی ہو تو سورج نکلنے سے پہلے سیر کرنا انتہائی مفید ہے ؛

(۸) سونگھنے کے لئے ایک عجیب تر ٹوٹکہ، نوشادر ۶ ماشہ، کافور ۱ ماشہ، اَن بُجھا چُونا ۶ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ، ایک شیشی میں ڈال کر رکھ دیں شیشی خوب بند رہے۔ بوقت ضرورت سنگھائیں۔ اسی وقت درد کافور ہوگا، صرف چونا اور نوشادر بھی کام دیتے ہیں ؛ (توسوی)

(۹) دُودھ گائے ڈیڑھ پاؤ میں ایک بیضۂ مرغ پھینٹ لیں اور میٹھا ملا کر آگ پر چاء کے موافق گرم کریں مگر اُبلنے نہ دیں۔ نہار منہ ایک ہفتہ پئیں، سر کی کمزوری کے باعث جو درد ہو اس کے لئے بے خطا چیز ہے ؛ (توکلی)

(۱۰) پرانی درد سر کے لئے نہایت نفیس اور کئی دفعہ تجربہ میں آیا، خشخاش ایک پاؤ چار مغز ۵ تولہ، دھنیا آدھ پاؤ، مغز بادام آدھ پاؤ، ناریل ۵ تولہ سب کو کوٹ کر ملا لیں اور گھی میں چرب کر لیں، حسب ضرورت شکر ملا کر رکھ لیں۔ ایک تولہ بھر سوتے وقت کھا لیں۔ لیکن اس کے بعد کچھ کھائیں پئیں نہیں، پرانے سے پرانا سر درد اس سے بالکل جاتا رہا۔ دوا کی دوا ہے اور مقوی غذا بھی' (توکلی)

درد شقیقہ

(۱۱) آدھے سر کا درد کہلاتا ہے۔ اسطوخودوس ۶ ماشہ، دھنیا ۶ ماشہ، مرچ سیاہ پانچ دانہ، پاؤ بھر پانی میں گھوٹ کر دو بڑے سے صبح روزانہ سورج نکلنے سے پہلے پلائیں۔ اور اسی پانی میں کپڑا بھگو کر پیشانی پر پٹی باندھیں، غذا نہایت تھوڑی کھائی جائے، تین دن تک استعمال ضروری ہے ؛ (توسوی)

(۱۲) اسطوخودوس ½ ماشہ، برہمی بوٹی ایک ماشہ، چہار مغز ۱ تولہ، دودھ آدھ سیر اور پانچ تولہ میدہ کا حلوہ تیار کر کے کھلائیں۔ انتہائی طور پر مفید ثابت ہوا ہے۔ نیز ضعف بصر

حکیم محمد زاہدعلی لاھوری قادری نقشبندی
(Free Tibbi Books Group)

کے لئے بھی کار آمد ہے : (قوسوی)

(۱۳) فوری ٹوٹکہ: مشک کافور ایک ٹکیہ، گل روغن ایک تولہ، میں حل کر کے جس طرف درد ہو ناک میں دو قطرے ٹپکائیں، مجرب ہے (حکیم چراغ علی سی پی)

دردِ آل

★ دردِ آل میں کنپٹی پر ناڑ پھڑکتی معلوم ہوتی ہے۔ درد شقیقہ آدھے سر کا درد ہے اور دردِ عصابہ آدھے چہرے کا درد ہے۔ ان تینوں کے لئے مندرجہ ذیل نسوار بہت کامیاب ہے:۔

(۱۴) جنگلی اُپلہ کی خاک پر آک کا دودھ چند قطرات ڈال کر نسوار بنا لیں۔ چھینکیں آئیں گی۔ اور آرام ہوگا : (حکیم عبداللہ جہانیاں)

(۱۵) ریٹھہ کو پانی میں گھس کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور دو بوند ناک میں ڈالیں، اس کے علاوہ آک پر جو ٹڈا ہوا کرتا ہے اسے خشک کر کے رکھیں، یہ نسوار بھی نہایت ہی عمدہ علاج ہے : (")

(۱۶) آل کی شدید درد ہو تو زردی بیضہ مرغ اور چونا ان بجھ ملا کر جلدی جلدی کنپٹی پر لیپ کر دیں۔ اسی وقت آرام ہوگا : (")

(۱۷) بخارات کے بیان میں تحریر شدہ حسب شفا استعمال کریں : (")

(۱۸) اکونائیٹ ۳۰ x ہومیوپیتھک ہر قسم کے درد کے لئے مفید ہے :

(۱۹) سر درد کے ساتھ قے اور متلی ہو تو اپیکاک ۴ x۔ استعمال کرائیں بے حد مفید ہے :

(۲۰) شدید درد کہ سر پھٹتا ہو، قے اور متلی بھی ہو، چہرہ زرد سا ہو تو سیپیا ۴x نہایت بہتر ہے

(۲۱) ساریڈان انگریزی ٹکیہ تقریباً ہر قسم کی دردوں کے لئے بہت مفید ثابت ہوئی ہے :

سرسام

(۲۲) پارہ ایک ماشہ، برگ تلسی پانچ تولہ میں کھرل کریں پہلے سر کو چاولوں کی پیچھ سے

خوب دھوئیں اور بعد میں پارہ اور تلسی کی مالش کریں۔ قدرے میٹھا تیل بھی ساتھ استعمال کریں ؛ (توسوی)

(۲۳) میٹھا تیل، بارہ برس کے مرد بچہ کے پیشاب میں ملا کر خوب مالش کریں، وزن برابر ہو (")

(۲۴) سرسام کے بیہوش مریض کے ناک میں چند قطرے نمک کا پانی ٹپکائیں، انشاء اللہ اسی وقت ہوش میں آئے ؛ (")

سن سٹروک (دھوپ لگ جانا)

(۲۵) اس کا اثر قلب پر بھی ہوتا ہے اس لئے انتہائی خطرناک صورت ہوتی ہے۔ سب سے پہلا علاج یہ ہے کہ مریض کو دوا المسک یا کوئی اور دل کو تقویت دینے والی دوا دیں، آموں کے موسم میں تجربہ ہوا کہ آم بھوبل میں پکا کر اس کا شربت پلایا جاتے، یہ اکسیری نسخہ ہے ؛

(۲۶) شربت صندل یا نیلوفر، عرق گاؤزبان اور عرق بید مشک میں ملا کر پلائیں۔ یہ نسخہ غیر یقینی ہے مگر بہتر ہے ؛ (توسوی)

(۲۷) ہومیوپیتھک دوا نیٹرم میور 12X سن سٹروک کے لئے بے نظیر دوا ہے ؛

گنجاپن

(۲۸) ایک ماہ تک بال استرے سے منڈاتے رہیں اور روغن زیتون کی مالش کیا کریں،

(۲۹) روغن بیضہ مرغ بھی بے حد مفید ثابت ہوا ہے سر پر مالش کرنے سے بال اگ آتے ہیں، توے پر چند زردیاں ڈال کر پہلے ذرا نرم آنچ دیں تاکہ زردیاں توے سے چپک جائیں پھر آنچ تیز کر دیں، اور توے کو ترچھا کر دیں، زردیاں خوب پک جائیں تیل تیل نمودار ہوگا۔ اب چمچ سے دبا کر تیل نکال کر محفوظ کریں۔ ہر لحاظ سے مقوی ہے ؛

(۳۰) روغن زیتون میں جونک جلا کر مالش کریں ؛

(۳۱) روغن زیتون یا میٹھے تیل پاؤ بھر میں تین چار صد مکھیاں مار کر جلائیں اور اس کی

مالش کریں، انشاء اللہ بال اگ آئیں گے ؛ (توسوی)

بال چیر

(۳۲) شیر مدار یعنی آک کا دودھ دس روز تک خاص جگہ پر خوب ملیں، بہترین ٹوٹکہ ہے ؛ (توسوی)

(۳۳) ایک عدد بچھو میٹھے تیل میں جلا کر چند روز تک ملیں، نہایت عجیب و غریب ہے (یوسف زیدی)

جوئیں پڑنا

(۳۴) ملیم ایک قسم کی لکڑی ہے جو میرے تجربہ میں نہیں آئی، جس صاحب کے تجربہ میں ہو یا واقفیت ہو تشریح فرما دیں۔ اس لکڑی کو پیس کر پانی میں حل کر کے سر کو خوب دھوئیں نہایت بہتر ٹوٹکہ معلوم ہوتا ہے ؛

(۳۵) پارہ کو گھی میں ملا کر لگانا نہایت ہی کامیاب علاج ثابت ہوا ہے۔ [توسوی]

(۳۶) آج کل ایک نیا نسخہ مستعمل ہے، آنکھوں پر پٹی باندھ کر فلٹ کیا جاتا ہے ایک بھی جوں نہیں رہتی۔ مگر یاد رکھئے کہ یہ گندہ رہنے کی علامت ہے۔ نیز خون کی خرابی کا باعث ہے۔ اس کے لئے مصفی خون ادویات کا استعمال ضروری ہے۔ شربت فولاد یا چرائتہ پیا جائے ؛ (توسوی)

ناک کے امراض

نکسیر

(۱) بچوں اور جوانوں کو آئے تو مفید ہے کہ فاضل خون ہے لیکن جاری رہنی اچھی نہیں، ٹھنڈے پانی کی دھار سر پر ڈالیں، بند کرنے کے لئے یہ ٹوٹکے ہیں، پھٹکری بریاں، خاکستر جنگلی آپلہ، خاکستر کاغذ ہموزن پیس کر نسوار کریں ⁖ (حکیم عبداللہ)

(۲) کہربا شمعی یعنی سُرخ رنگ کی دانہ دار گوند باریک کر کے ایک ماشہ شربت انجبار سے پلائیں، انشاء اللہ پہلی خوراک ہی، ورنہ دوسری نکسیر بند کر دے گی ⁖ (〃)

(۳) اونٹ کے بال جلا کر نسوار لیں ⁖ (〃)

(۴) خچر اور گدھے کی تازہ لید سنگھائیں ⁖ (توسوی)

(۵) اگر ناک سنکتے وقت خون کی آمیزش ہو تو گھی گرم کر کے دو تین دفعہ نسوار لیں، نہایت مجرّب ہے ⁖ (توکّلی)

(۶) نکسیر کے لئے یہ آسن ہے، چند قطرات نکل جانے کے بعد فوراً سانس بند کر لیں اور بہنے والی طرف انگوٹھا رکھ کر فوراً لیٹ جائیں اور سانس اوپر کھینچیں۔ فوراً بند ہو گی، ورنہ انگوٹھا چھوڑ کر خون گرا دیں ـــــ اور

(۷) یہ آسن کریں۔ چوکڑی مار کر پاؤں پکڑ کر کان تک لے جائیں، پھر دوسرا پاؤں بھی، دونوں آزمودہ ہیں ⁖ (توسوی)

(۸) کیلہ کے دو تولہ پانی میں ایک ٹکیہ کافور کی حل کر کے چند قطرے ناک میں ٹپکائیں. انشاء اللہ یقیناً اور فوراً بند ہو گی ⁖ (توسوی)

ناک میں خارش

(۹) ناک میں بال لمبے ہوں گے انھیں اکھاڑ دیجئے۔ اور گلیسرین لگائیے، اگر پھنسی ہے تو ٹنکچر آیوڈین ایک قطرہ ملا کر ناک میں ڈالیئے ؂ (توسوی)

نزلہ زکام

(۱۰) تین دن تک کوئی علاج نہ کریں، سرد سے گرم اور گرم سے سرد ہونے پر ہوتا ہے جسم کی حرارت اعتدال پر آجائے تو خود بخود افاقہ ہو جاتا ہے، ورنہ علاج ضروری ہے ؂

(۱۲) بخارات کے بیان میں لکھی ہوئی گولیاں حب شفا کا استعمال نہایت مفید ہے ؂

(۱۳) سردی سے زکام ہو تو ہومیو پیتھک اکونائیٹ ۳۰ کمزور مریض جس کے ناک سے پانی کی طرح رطوبت جاری رہے تو آرسینکم ۴ دیں۔ رطوبت گاڑھی ہو تو نیٹرم میور ۳۰ دیں ؂

(۱۴) جوشاندہ ۵ مگر بے حد تعریف کے قابل ہے۔ عناب ولایتی ۵ عدد۔ گاؤزبان ۵ ماشہ۔ لسوڑیاں ۷ عدد۔ گل بنفشہ ۷ ماشہ۔ خطمی ۷ ماشہ۔ خبازی ۷ ماشہ۔ ملیٹھی ۷ ماشہ آدھ سیر پانی میں رات بھگو دیں، اور صبح کو قدرے جوش دیں، پیالی بھر رہ جائے، تو چینی ملا کر پی لیں، نزلہ وبائی ہو تو دارچینی ۳ ماشہ کا اضافہ کریں۔ نہایت نفیس چیز ہے
(حکیم سید الطاف حسین)

(۱۵) دانہ الائچی خورد، سونٹھ اور دارچینی ہموزن پیس کر ۲ سے ۳ رتی تک نیم گرم پانی میں ہمراہ کھائیں، بہترین اور مجرب ٹوٹکہ ہے ؂ (توسوی)

(۱۶) دانتوں کے بیان میں سرخا والا نسخہ دیکھیں، بہت بہترین ٹوٹکہ ہے ؂ (توسوی)

(۱۷) پوست کا حلوہ اکثر مفید پایا گیا ہے ؂ (توکلّی)

(۱۸) ترپھلا بطور سالن پکا کر خوب گھی ڈالکر اسکا شوربہ پینے سے نزلہ و زکام میں افاقہ ہو جاتا ہے (〃)

(۱۹) موسم سرما میں سونف کا شوربا پیاز زکام کے علاوہ پیٹ کی اکثر خرابیاں دفع ہو جاتی ہیں (〃)

(۲۰) خشخاش ۴ ماشہ، بادام ۳ عدد، ناریل ۳ ماشہ، مصری کوزہ ۶ ماشہ رات کو سوتے وقت خوب چبا کر کھائیں مگر اسکے بعد کوئی غذا کھائیں پئیں نہیں، نہایت اعلیٰ ٹوٹکہ ہے ؂

آنکھ کے امراض

سُرمہ راحت چشم

(۱) آنکھ کی جملہ امراض کے لئے راحتِ چشم ہے، جسے میں نے شاید سو دفعہ بنایا۔ پھٹکری تولہ۔ شورہ قلمی تولہ۔ نوشادر تولہ۔ سمندر جھگ تولہ۔ نیلہ تھوتھہ ارتی۔ بورک تولہ ۔ سمندر جھگ اور بورک علیحدہ علیحدہ پیس کر رکھ لیں باقی چیزیں کوٹ کر ایک روغنی کجی میں بند کر کے گل حکمت کر کے دو یا اڑھائی سیر اُپلوں کی آگ دیں، نکال کر پہلی دونوں چیزیں ملا کر کھرل کریں، خدا غریق رحمت کرے جس نے مجھے یہ نسخہ بخشا۔ گرم مزاج والے کوئی ٹھنڈا عرق ملا کر اور سرد مزاج اسی طرح ہی استعمال کریں ؛ (نذیر توسوی)

(نوٹ) سرمہ مذکور اگر آپ نہ بنا سکیں تو ہم سے ایک روپیہ فی تولہ کے حساب سے طلب کریں؛

ضعف بصر

(۲) ضعفِ بصر کو حلوائے اسطوخودوس جو درد شقیقہ میں درج ہو چکا ہے ضرور استعمال کریں، (توسوی)

پڑوال

(۳) پڑوال اکھاڑ کر کھٹمل کا خون لگائیں، کبوتر کا پر اکھاڑ کر جو خون نکلے وہ بھی مؤثر ہے مربہ ہلیلہ کھایا کریں ؛ (توسوی)

حکیم محمد زاہدعلی لاهوری قادری نقشبندی
(Free Tibbi Books Group)

اندھراتہ

(۴) چور کلیجہ کا قیمہ بھون کر بغیر کسی مصالحہ کے کھائیں۔ مگر کافی دن تک، مجرب ہے (توس

(۵) نمکین پانی کا قطرہ سوتے وقت ڈالا کریں ÷ (توسوی)

بھینگاپن (ایک کے دو نظر آنا)

(۶) عورت کا دودھ آنکھ میں ٹپکائیں اور گرم پانی سے سینکیں ÷ (حکیم عبداللہ جہانیہ

آشوب چشم

(۷) ستیاناسی کی ٹہنی توڑیں دودھ جو نکلے سلائی پر لگا کر استعمال کریں، انتہائی دور کا آخری اور قطعی علاج ہے ÷ (")

جالا اور پھولا

(۸) بارہ سنگا کا سینگ عورت کے دودھ میں گھس کر استعمال کیا کریں۔ خاص ہے، (")

دُھند سفیدی

(۹) سرمہ راحت چشم سب پر حاوی ہے اسے ہمیشہ استعمال کریں۔ میرے خسر ایک سال استعمال کرنے کے بعد عینک کے بغیر قرآن مجید تلاوت کرتے تھے جب کہ ان کی عمر اسی برس کے قریب تھی، بچوں کے ککروں کے لئے جو پھول کر ابرو تک پہنچ گئے ہوں تو باریک کپڑے میں سرمہ ڈال کر پردہ الٹ کر ککروں پر چھڑک دیں۔ صبح ہوتے ہی انشاء اللہ حالت درست ہوگی ÷ (توسوی)

موتیا سیاہ یا سفید

(۱۰) آنکھ بے حرکت یا کھلی رہتی ہو، زبان بے حرکت اور بند ہو جائے کسی صاحب نے

آج سے بیس برس قبل بنایا تھا، تساہل کے باعث آج تک تجربہ نہیں کرسکا۔ اسلئے یقین نہیں دلا سکتا، صاحب نسخہ اسے معجزہ اور کیمیا کا خطاب دیتے تھے، سرمہ عمدہ ڈلی ایک چھٹانک لے کر سرکہ انگوری ایک بوتل میں کھرل کریں۔ تقریباً ایک ماہ میں جذب ہوگا۔ آنکھ میں تین روز بعد ایک سلائی۔ زبان بند ہو تو مریض کی زبان پر ایک سلائی، اسی طرح اور کئی بیماریوں کے لئے بھی زبان پر ایک سلائی، اگر کوئی صاحب ہمت اس کا تجربہ کرے تو نتائج سے آگاہ کر کے خدمت خلق کا ثواب لوٹے ؞ (قوسوی)

ککرے

(۱۱) بے نظیر اور تیر بہدف نسخہ، سونٹھ کا آٹا ۹ ماشہ۔ پھٹکری پھل ۱ تولہ کھرل کریں، ککروں پر روئی، انگلی یا سلائی سے لگائیں ؞ (قوسوی)

پانی آنا

(۱۲) پھٹکری اور ہرڑ ہموزن پیس کر بطور سرمہ استعمال کریں (قوسوی)
کھوپا گری کھائیں اور سرمہ بالا استعمال کریں ؞

حفظِ بصارت

(۱۳) نہایت ہی قابل تعریف اور مفید ٹوٹکہ، ہزاروں قیمتی سُرموں کو شکست دینے والا لونگ کی ڈوڈیاں جو گول سے دانے لونگ میں ہوتے ہیں، اکٹھے کریں اور ان کے ہموزن پھٹکڑی کھرل کر کے سرمہ بنالیں۔ سوتے وقت ایک ایک سلائی جو صاحب بنائیں گے لطف اٹھائیں گے ؞ (توکلی)

ٹھنڈا سُرمہ

(۱۴) جملہ امراض پر حاوی ہے، اسے اکسیری سرمہ کہیں تو بجا ہے۔ غبار، دھند، جالا،

پانی گرنا، رمد اور خارش، ضعف بصارت وغیرہ کے لئے یکساں مجرب ثابت ہوا ہے۔ سرمہ سیاہ ۱۰ تولہ، لورک ایسڈ ۵ تولہ، زنک اوکسائیڈ ۵ تولہ، شب یمانی بریاں ۱ تولہ، کافور ۱ تولہ، ست پودینہ ۳ ماشہ، باریک مثل غبار کرلیں اور دو سلائیاں صبح و شام استعمال کریں ؛ (حکیم الطاف حسین)

(۱۵) گلیسرین ۱ تولہ لورک ایسڈ ڈیڑھ ماشہ خوب حل کرلیں۔ سوتے وقت ایک ایک سلائی لگائیں۔ کاغذ پر رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کے ؛ (ڈاکٹر حبیب اللہ)

آنکھ میں سفیدی

(۱۶) آنکھ میں سفیدی کے لئے پیاز کا بیج پیس کر مثل غبار کرلیں اور سلائی سے سرمہ کی طرح لگائیں ؛ (نوسوی)

آنکھ میں درد

(۱۷) برگد کے دودھ کی سلائی آنکھ میں لگائیں ؛

ضعفِ بصر

(۱۸) چنبیلی کے پھول کی پتیاں برابر وزن مصری ملا کر کھرل کر کے آنکھ میں لگائیں ؛

(۱۹) بارہ سنگا کا سینگ دودھ میں گھس کر لگانا جالا کے لئے نافع ہے ؛ (فریدی)

دانت کے امراض

دانت درد

(۱) مشک کافور تولہ، تیل تارپین ۲ تولہ، روئی تر کر کے دانت یا کھوڑ میں رکھیں (قوسوی)

(۲) کھوڑ میں افیون رکھنے سے بھی آرام ہو جاتا ہے جب بالکل آرام ہو جائے تو کھوڑ میں قلعی بھروالیں ؛ (")

(۳) شبشہ نمک پیس کر ایک کجی میں ڈال لیں اوپر آک کا دودھ اتنا ڈالیں کہ نمک ڈوب جائے بند کر کے گل حکمت کر کے ۴-۵ سیر اُپلوں کی آگ دے دیں۔ درد کرنے والے دانت پر ملیں، آرام ہو، اس کا زیادہ اور بے جا استعمال نہ کریں، تاکید ہے ؛ (توکلی)

(۴) کان درد میں مشک کافور والا نسخہ دانت درد کے لئے مفید ہے ؛ (قوسوی)

(۵) سردرد کے بیان میں سونگھنے کا نوشادر اور چونہ والا نسخہ بھی بیحد قابل تعریف ہے، (")

دانت سے خون

(۶) گل بابونہ، تخم السی، تخم اقلیل الملک، تخم میتھی ہموزن کوٹ کر آدھ سیر پانی میں جوش دے کر چند روز غرارے کریں ؛ (")

دانت ہلنا

(۷) تخم املتاس ایک دانہ، کڑوا بادام ۵ تولہ، نمک لاہوری ۶ ماشہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ کوٹ کر بطور منجن استعمال کریں، کھانا کھانے کے بعد، پانچ دس منٹ نیم کی مسواک آہستہ آہستہ کیا کریں (")

دانت میں کیڑا

(۸) موہکرٹی کا پھل تمباکو کی جگہ یا تمباکو میں ڈال کر پئیں ۔ (")

مسوڑھوں کے لئے

(9) کالی مرچ ، پھٹکڑی ، سوہاگہ ، سونٹھ ، نمک کوٹ کر منجن بنائیں ۔ (")

(۱۰) سرخا ایک عجیب الاثر دوا ہے جو اپنی اپنی جگہ ہر مرض کے لئے کام دیتی ہے اس کا ہر گھر میں ہر وقت موجود ہونا انتہائی ضروری ہے۔ اور وہ یہ ہے :۔ نوشادر، سیاہ مرچ، ہموزن اور گیرو دوگنا پیس کر محفوظ رکھیں ، دانتوں کا بہترین منجن ہے۔ بدہضمی اور پیچش کے لئے دو چٹکی پانی کے ساتھ۔ زکام کے لئے بطور نسوار ؛ (")

پائیوریا

(۱۱) پائیوریا کے لئے نہایت بہترین علاج نیلا تھوتھہ بریاں ۴ ماشہ پانی میں حل کر کے روزانہ غرارے کریں، ایک ماہ میں جڑ سے چلا جائیگا ، احتیاط یہ ہے کہ غرارے کرتے وقت پانی حلق کے اندر نہ جانے پائے ۔ (")

(۱۲) یہ ٹوٹکہ بھی عجیب الاثر ہے۔ پھٹکڑی ، مائیں ، مازو سوختہ ، سیپی سچی سوختہ تمام چیزیں ہموزن باریک کریں اور بطور منجن استعمال کریں ۔ (")

براء الساعة

(۱۳) ٹنکچر آیوڈین۔ کافور۔ کاربالک ایسڈ۔ کلورل ہائیڈریٹ کریازوٹ۔ سب مساوی الوزن۔ روئی سے مساوی الوزن، روئی سے لگائیں ، اگر درد پھر عود کر لے تو پھر لگائیں ۔ [ڈاکٹر حبیب اللہ]

کان کے امراض

(۱) خارش ہو، بہتا ہو، چوٹ سے تکلیف ہو، پیپ آتی ہو، قدرے بہرا پن ہو، میٹھا تیل ۵ تولہ۔ گل گلاب ۱ تولہ۔ لونگ ۴ ماشہ۔ جائفل ایک دانہ۔ بادام روغن ۴ تولہ تمام اشیاء کو میٹھے تیل میں جلا کر صاف کر کے بادام روغن ملا لیں۔ اور استعمال میں لائیں ÷ (توسوی)

(۲) درد کا فوری علاج۔ مشک کافور ۱ تولہ۔ تیل تارپین ۲ تولہ۔ کان میں ایک دو قطرے ٹپکائیں ÷ (〃)

(۳) کان میں شدید درد ہو تو بھینس کے گوبر کو پانی میں جوش دیکر کان میں بھاپ پہنچائیں (〃)

(۴) کان میں میل ہو تو ہائیڈروجن کے چند قطرے ڈالیں، جب میل اوپر آجائے۔ تو روئی سے اتار لیں ÷ (〃)

(۵) درد، کان کا رسنا اور پیپ وغیرہ کے لئے سرسوں کا تیل میں کیکر کے پھول جلا کر تیل پُن لیں اور کان میں ڈالیں ÷ (〃)

(۶) صدبرگہ کے پتوں کا رس نیم گرم کان میں ڈالیں ÷ (〃)

(۷) موکڑی کا پھل سرسوں کے تیل میں جلا کر صاف کر کے تیل کان میں ڈالیں (حکیم چراغ علی)

(۸) تیل ستیاناسی دو بوند کان میں ڈالیں ÷ (〃)

(۹) پھنسی وغیرہ کے لئے برگ ستیاناسی کا پانی روغن سرسوں میں جلا کر استعمال کریں ÷ (〃)

(۱۰) کان رستا ہو تو پھٹکری پھل کر کے عورت کے دودھ میں ملا کر ٹپکائیں ÷ (〃)

(۱۱) پیاز کا پانی ٹپکائیں ÷

(۱۲) شکر گھی میں جلا کر پن لیں اور گھی کان میں ٹپکائیں ÷ (〃)

(۱۳) سرکہ اور گل روغن ہموزن لے کر استعمال کریں ؛

(۱۴) کن پیڑوں کے لئے تیز ٹنکچر لگائیں اور جب رنگ دور ہو جائے تو ہلکی ٹنکچر لگاتے رہیں اور دن میں ایک بار ایک قطرہ ٹنکچر پانی میں ڈال کر پئیں، ملتانی مٹی، چاول، اور کالی زیری کا لیپ بھی اس ریشہ کو جذب کرتا ہے ؛ (حکیم چراغ علی)

(۱۵) کان درد اور دیگر کئی امراض کے لئے جو کان سے متعلق ہوں یہ نسخہ سرتاج ثابت ہوا ہے ہر گھر میں موجود رہنا چاہیئے، گدھے کی لید کا پانی، پیاز کا پانی، عرق گلاب، سرکہ ہموزن ملا کر پن کر شیشی میں محفوظ رکھیں، عجیب الاثر ٹوٹکہ ہے (نوسوی)

(۱۶) کوئی چیز بیسر نہ آتی ہو تو گرم دودھ کی بھاپ لیں ؛

(۱۷) اگر معلوم ہو جائے کہ کان کے اندر ناسور ہے تو پھٹکری سفید کو شہد خالص میں ملا کر ململ کے فتیلہ کو اس میں تر کر کے کان کے اندر رکھیں ؛ (حکیم عبداللہ)

(۱۸) کان کے درد کے لئے کھینج مینج یعنی مکو کے پتے لے کر پانی نکالیں اور نیم گرم کان میں ٹپکائیں ؛

(۱۹) بہرہ پن اگر پرانا نہ ہو تو پیاز بھوبھل میں پکا کر اس کا پانی کان میں ٹپکائیں چند روز میں فائدہ پہنچے گا ؛ (نوسوی)

(۲۰) کان میں ورم کے لئے انڈے کی سفیدی کان میں ٹپکائیں ؛

(۲۱) کرم کان کے لئے ایلوا پانی میں حل کر کے نیم گرم کان میں ڈالیں اور کافی دیر بعد کان الٹ کر پانی خارج کر دیں ؛

(۲۲) خارش کان کے لئے روغن زرد اور سرکہ جوش دے کر اور چھان کر نیم گرم کان میں ڈالیں ؛

حکیم محمد زاہدعلی لاھوری قادری نقشبندی
(Free Tibbi Books Group)

گلے کے امراض

(۱) گلے میں خرابی محسوس ہو تو فوراً ٹنکچر و گلیسرین گلے میں لگائیں۔ دن میں دو تین بار ایسا کرنے سے تکلیف رفع ہو جاتی ہے ؛

(۲) زیادہ تکلیف ہو گئی ہو تو باریک نمک انگلی سے گلے میں اچھی طرح لگا لیں، دن میں دو تین بار ایسا کرنے سے فوراً تکلیف رفع ہو جاتی ہے ؛

(۳) گلے میں بار بار تکلیف ہو جاتی ہو تو ٹنکچر کا ایک قطرہ پانی میں ڈال کر پہلے تین چار روز روزانہ پھر ایک دو دن چھوڑ مہینہ بھر استعمال کریں، اسی طرح گھریلو جانوروں کو بھی گلڑ ہو جانے پر تین قطرہ روزانہ دینے سے مہینہ دو مہینہ میں آرام ہو جاتا ہے ؛

(۴) انسان کو بھی ایسے ہی گلڑ ہو جایا کرتے ہیں۔ صرف ایک قطرہ تیسرے روز آسان نسخہ ہے۔ لیکن اس سے بھی اچھا جو تجربہ میں آیا۔ وہ یہ ہے کہ گائے کے گلے کی نیچے کی گلٹیاں پاؤ بھر، مرچ سیاہ دو تولہ قند سیاہ کہنہ کوٹ کر پکائیں۔ گولیاں بن جانے کے قابل ہو جانے تو کوکن بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔ صبح شام گائے کے دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔ انشاء اللہ دس برس کا گلڑ چالیس دن میں دور ہوگا۔ ٹنکچر کا استعمال بھی ساتھ ساتھ کریں تو اور بہترین ہوگا ؛ (توسوی)

(۵) **خنازیر "ہجیراں"**۔ عقرب سیاہ ایک ماشہ، زرد چوبہ تین ماشہ کا سفوف بنا کر زخموں پر لگائیں، چند روز بعد زخم رس جائے گا تو یہ مرہم لگائیں۔ کنچلی مار سیاہ روغن نیب دونوں کو پیس کر مرہم بنائیں اور پٹی کریں اور یہی دونوں اشیاء شہد میں ملا کر بقدر ایک ماشہ روزانہ سات روز تک کھلائیں ؛ (حکیم عبداللہ)

(۶) ایک اور نسخہ: سانپ کی ہڈی، بلّی کی ہڈی، مردار سنگ، سندھور ہموزن، نیلہ تھوتھہ ۱/۴ حصّہ سب کو سرسوں کے تیل میں جلا کر مرہم تیار کریں اور زخموں پر ضماد کریں، گلٹیاں پھوٹی ہوئی ہوں تو پہلے چاولوں کی پچھ لگانے کے کچھ دیر بعد لگائیں۔ عجیب ٹوٹکہ ہے ؞

(۷) جنگلی چوہا جو اکثر گندم کے کھیتوں اور کھلواڑوں میں رہتے ہیں لے کر پیٹ چاک کر کے صاف کر لیں، اور ہاون دستہ میں ڈال کر مساوی پرانا گڑ ملا کر اتنا کوٹیں کہ سب کچھ یک جان ہو جائے۔ جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی پانی کے ساتھ خنازیر کے لئے اسے مجرب بلا تخلف پایا گیا ؞

(۸) **خناق**: مغز املتاس ۵ تولہ، کو ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں اور پھر غرارے کرائیں اور اسی کو گھوٹ کر لیپ بھی کریں۔ ایک دانہ املتاس گرم پانی میں مل چھان کر روغن بادام ۶ ماشہ مصری تین تولہ ڈال کر پئیں ؞ (حکیم عبداللہ)

(۹) **زبان پر چھالے**: مکو یعنی کھینچ مینچ کے پتے منہ میں چبائیں، اور تھوک دیں بہت اچھا ہے ؞ (قوسوی)

(۱۰) خناق کا مریض بے ہوش ہو تو ریٹھہ پانی میں گھول کر اس کے چند قطرے حلق میں اتاریں فوراً آرام ہوگا، پھر اسی کے پانی کے غرارے کرائیں ؞ (حکیم عبداللہ)

(۱۱) آواز بیٹھ گئی ہو تو ادرک چبائیں۔ بہترین ہے ؞

(۱۲) شربت بنفشہ اور توت کا شربت آواز کو صاف اور کھول دیتا ہے، نہایت مفید ہے ؞

(۱۳) گلے کیلئے سیاہ توت کے پتوں کا جوشاندہ بنا کر غرارے کرنا نہایت ہی عمدہ علاج ہے،

(۱۴) گلے میں درد ہو تو گل سرخ اور املتاس دونو کو دودھ میں جوش دے کر پلائیں اور باہر گلے کو گرم رکھیں ؞ (قوسوی)

(۱۵) گلے میں خراش اور درد سے کھانسی ہو تو اسپرو ایک گولی ایک چمچ پانی میں حل کر کے روئی کی پھریری سے گلے میں لگائیں ؞ (ظہیر)

سینے کے امراض

(۱) عام اور متعدی کھانسی کے لئے بے نظیر ٹوٹکہ ہے، پوست کو کنار پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور رات اس کی چائے بنا کر پئیں۔ دن کے وقت ہرگز نہ سویا جائے (حکیم عبد اللہ)

(۲) کھانسی کے لئے یہ گولیاں بنا کر رکھیں، رب السوس یعنی ست ملٹھ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ ماشہ کو شہد میں حل کر کے گولیاں بقدر چھوٹا بیر بنائیں۔ اور ایک دو گولی منہ میں رکھ کر چوسیں، قابل قدر نسخہ ہے ؛ (")

(۳) کالی کھانسی کے لئے، ناریل کا تیل عمدہ ایک سال کے بچے کے لئے ۳ ماشہ دن میں تین بار دیں۔ دیگر گائے کا دودھ آدھ پاؤ خالص گھی نو ماشہ پانی آدھ پاؤ کو آگ پر پکائیں کہ پانی جل جائے اس میں دو تولہ مصری ڈال کر بچہ کو بار بار چٹائیں۔ نہایت مفید ہے ؛ (")

(۴) **دمہ** : گائے کے چھ سیر دودھ میں سنکھیا سیاہ بقدر دو تولہ ڈلی اور ایک مرغی کا انڈا ڈال کر نرم نرم آنچ دیں۔ دودھ جب ربڑی ہو جائے تو انڈا نکال لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر انڈے کی زردی محفوظ کر لیں، باقی ہر چیز کہیں دفن کر دیں۔ کہ زہر قاتل ہے۔ زردی کاغذ پر پھیلا کر خشک کرنے کے بعد پیس کر محفوظ کر لیں؛ خوراک ایک چاول پان میں دیں۔ مگر پان کھانے سے پہلے کوئی چکنی چیز ضرور کھا لیں۔ نہایت اعلیٰ درجہ کا نسخہ ہے اور سردیوں میں استعمال کے قابل ہے ٹھنڈے مزاج والے معتدل موسم میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ دوا سے پہلے [illegible] انشاء اللہ [illegible] زیادہ [illegible] ہو گی ؛ (")

(۵) **دمہ اور کالی کھانسی** والے کو پٹھکنڈا کی راکھ شہد میں ملا کر چٹانا بہت افاقہ کرتی ہے قبلہ حکیم صاحب نے اس کی یوں وضاحت کی ہے کہ پٹھکنڈا، سجی، تمباکو دس دس تولہ اونٹ کا پیشاب تیس تولہ میں خوب پیس کر حل کریں اور ایک مٹی کے برتن میں خوب بند کر کے نمی والی جگہ میں دو چار روز تک رکھ دیں۔ اسی برتن کے ساتھ باہر کی طرف جوہر لگے ہوں گے۔ صرف اسے محفوظ کر لیں۔ شیشی ہمیشہ خوب بند رہے۔ خوراک ایک سے دو رتی عرق گاؤزبان سے استعمال کریں۔ اس کے ساتھ گھی بھی پینا چاہیئے ؛

(۶) جملہ امراض سینہ کے لئے ستیاناسی کا تمام پودہ جلا کر چھ سات سیر پانی میں ڈال کر پکائیں اور پھر نمک حاصل کریں، یہ نمک تولہ۔ نمک لاہوری، پیپلا مول، ہینگ چھ چھ ماشہ یک جان کریں۔ بچہ کے لئے ایک رتی اور بڑے کے لئے چار رتی تک، ایک عجوبہ ہے۔ یہی نمک بواسیر کے مسوں پر لگائیں اور ایک رتی کھلائیں ؛ (ذوسوی)

(۷) ننھے بچوں کی کالی کھانسی کے لئے بہتر ٹوٹکہ پٹھکنڈا کی راکھ، ناریل اور شہد خالص میں ملا کر چٹانا بہتر ہے ؛ (")

(۸) پرانی کھانسی کے لئے ریوندچینی، لعاب بہیدانہ کے ہمراہ کھرل کر کے چھوٹے بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور چوسیں۔ وزن برابر ہے ؛ (")

(۹) پرانی کھانسی اور بلغمی کھانسی، معمولی دمہ کے لئے نمک مولی، شہد یا ناریل کے تیل میں ملا کر چٹائیں۔ دورہ دمہ کو آرام دہ ہے ؛

(۱۰) موہکڑی کے پودہ کا نمک بھی اسی طرح عجیب اثر رکھتا ہے۔ دمہ کا بھی علاج ہے۔

(۱۱) پٹھکنڈا کے پتوں کو بطور تمباکو کش کریں۔ نہایت مفید ہے ؛

(۱۲) عام کھانسی سے بعض دفعہ بچہ رات سونے نہیں دیتا۔ نہ خود سوتا ہے۔ تیل سنیڈا ایک یا دو قطرہ بتاشہ میں ڈال کر کھلائیں، تمام رات آرام سے سوئے گا۔ چند دیں۔ کھانسی سے نجات ہوگی ؛

(۱۳) دمہ والا مریض دھتورہ کے پانچ دس بیج تمباکو میں ملا کر کش لے۔ گھبراہٹ

حکیم محمد زاہدعلی لاھوری قادری نقشبندی
(Free Tibbi Books Group)

توچھوڑ دے، وقتاً فوقتاً ایسا کر لینا آرام دہ ہے ؛

(۱۴) دمہ کا شدید دورہ ہو تو شورہ چھٹانک بھر پانی میں حل کر کے سیاہی چوس کاغذ تر کر کے سکھا رکھیں، بوقت ضرورت اس کاغذ کی بتی بنا کر دھونی دیں۔ فوراً آرام دے گا ؛ (قوسوی)

(۱۵) دمہ کے شدید دورہ کے لئے ایفیڈرین انگریزی دوا کی ایک گولی گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں۔ مگر عارضی افاقہ کرتی ہے ؛

(۱۶) پرانی کھانسی جو کسی دوا سے نہ جاتی ہو کے لئے ہومیو پیتھک علاج آرسنگ البم ۱۰۰۰ یا اپیکاک ۱۰۰۰ ایک ہفتہ میں ایک دفعہ استعمال کراتے جائیں۔ نہایت کامیاب ٹوٹکہ ہے ؛ (سید زاہد علی ہومیو)

(۱۷) دم کشی کا عالم ہو تو ہومیو دوا برائی اونیا۔ ۳۰۔ کا استعمال نہایت بہتر ثابت ہوا ہے۔ اور یہی دوا اس حالت میں کھانسی وغیرہ آنے کو بھی مفید ہوتی ہے۔ دیگر قسم کی کھانسی کے لئے بھی مجرّب ہے ؛ (ڈاکٹر محمد حسین راقب)

(۱۸) بخارات کے بیان میں حب شفا بھی کام دیتی ہے ؛

(۱۹) محض کھانسی اور قبض کے لئے ہومیو پیتھک برائی اونیا ۳۰ دی جائے نہایت بہتر ہے ؛ (ڈاکٹر محمد حسین راقب)

(۲۰) عام کھانسی اور وقتی تکلیف کے لئے رب السوس یا صرف ملٹھی منہ میں رکھ کر چباتے سو جائیں ؛ (قوسوی)

نمونیہ

(۲۱) مریض کو پسینہ لانے کی کوشش کریں۔ دوٹکیہ اسپرو خوب پسینہ لائینگی (قوسوی)

(۲۲) بھونی ہوئی سونف ۳ تولہ مصری ملا کر کھلائیں، خوب پسینہ آئیگا، اور درد کافور ہو گا۔ یہ سونف بخار اتار دیتی ہے۔ جوڑ بھی کھول دیتی ہے۔ کھانے کے بعد لحاف اوڑھ کر لیٹ جائیں ؛ (حکیم چراغ علی سی. پی)

حکیم محمد زاہدعلی لاهوری قادری نقشبندی
(Free Tibbi Books Group)

(۲۳) بالچھڑ ایک تولہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دے کر گرم گرم پلائیں، پسینہ آ کر
بخار اُتر جائے گا، درد کو آرام ہو گا، اس میں اگر ایک سے دو روتی کشتہ بارہ
سنگا ملا کر دیں تو نمونیہ کے لئے سونے پر سہاگہ ہے، نمونیہ کے مریض کو پانی کی
بجائے عرق سونف ہی دیں اور کھانے کے لئے گرم اشیاء دیں ؞ (توسوی)

(۲۴) بارہ سنگا کے سینگ کو انڈے کی زردی میں گھس کر درد والی جگہ پر لیپ
کریں اور درد والی جگہ پر گرم بوتل رکھیں ؞ (توسوی)

(۲۵) نمونیہ کے لئے بہترین لیپ اُل شقیقہ کے علاج مرغ کے بیضہ والا لیپ
نہایت زود اثر ٹوٹکہ ہے ؞ (حکیم عبد اللہ)

(۲۶) نمونیہ کے لئے برانڈی بہت ہی مفید ہے ؞ (توسوی)

(۲۷) اگر کشتہ تانبہ میسّر ہو تو ایک یا دو چاول چائے میں ڈال کر دیں ؞

(۲۸) بلغمی کھانسی کے لئے رب السوس اور مرچ سیاہ ہموزن بریاں کر کے
کوٹ چھان کر چینی ہموزن ملا کر گولیاں نخودی بنا کر رات کو چوسیں ؞

(۲۹) مقعد میں سرسوں کا تیل لگانا کھانسی کے لئے فائدہ بخش ہے ؞ (")

دل و دماغ کے امراض

(۱) دماغ کی کمزوری کے لئے اسطوخودوس کا حلوہ جو دردِ شقیقہ کے بیان میں درج ہے نہایت اعلیٰ اور مجرّب ہے ؀

(۲) اس کے لئے تمام قسم کے مغزیات مثلاً چہار مغز، بادام الائچی خورد، خشخاس کے علاوہ انڈے نیم برشٹ اور کشتہ چاندی، کشتہ مروارید، مرجان استعمال کیا کریں، ان میں سے کوئی دو چار ملا کر مرکب بنالیں، مرکب کی صورت یوں کرلیں: مغز تولہ بھر، کشتہ ایا ۲ ماشہ یا کشتہ جات کو مربہ جات میں ملا کر مغزیات میں کوٹ لیں، ۶ ماشہ خوراک کھایا کریں، میں نے سب کو ایک جیسا پایا ہے، انشاء اللہ دماغی کمزوری رفع ہوگی اور بینائی میں بھی قوّت ہوگی، مربہ آملہ سب سے بہتر ہے. پھر گاجر پھر سیب اور پھر بہی ؀

(۳) جو چیز دماغ کے لئے مفید ہے وہ دل کو بھی تقویت دیتی ہے. کچے شلغم بہت مفید ہیں ؀ (نوسوی)

(۴) برہمی بوٹی کا شربت نہایت مقوی دماغ ہے. برہمی کا تیل بطور مالش بھی مفید ہے

(۵) روغن زیتون کھانا اور سر پہ لگانا نہایت نفع بخش ہے ؀

دل

(۶) جی متلانا، دل خراب ہونا، طبیعت بوجھل محسوس کرنا کوئی خاص بیماری نہیں، یہی سمجھئے کہ غیر موافق چیز کھائی ہے یا زیادہ کھا گئے یا موسم کا اثر ہے. نمک چاٹ لیجئے، طبیعت بحال ہوگی، معدہ میں خرابی ہے تو اس کا علاج کریں جو معمولی

مسہل سے رفع ہو جائے گی۔ چورن کی قسم کی کوئی چیز استعمال کریں ؛

(۷) دل دھڑکتا ہو تو کشتہ چاندی یا ورق چاندی کسی مربہ میں یعنی سیب، آملہ، گاجر میں کھایا کریں ؛ (قویسوی)

(۸) دل کی رفتار میں زیادتی محسوس ہو اور غشی تک نوبت بھی آجائے تو ہومیو پیتھک دوا آرسنکم ۶ تا ۳ چار چھ گھنٹے کا وقفہ دے کر دو تین بار استعمال کریں بہت خوب ہے

(۹) الٹی کرنے کو جی چاہتا ہو اور پیٹ میں کچھ درد محسوس ہو تو ہومیو پیتھک نکس وامی ۶۔ فوراً استعمال کریں، بدہضمی کو بھی دور کرے گا، دن میں دو تین بار استعمال کریں ؛ (ڈاکٹر محمد حسین راقب)

(۱۰) اور اگر اس قدر خرابی ہے کہ قے آگئی ہو تو ہومیو پیتھک دوا ایپکاک ۶ تا ۳ دن میں پانچ چھ بار دیں، قے بند کرنے کے لئے اول درجہ کی دوا ہے ؛

(۱۱) کچے شلغم جو دل پسند اور میٹھے ہوں بہت مقوی دل و جگر ہیں ؛

[ڈاکٹر امام الدین مرحوم]

خون کا دباؤ

• بلڈ پریشر کے نام سے مشہور ہے ؛

اس کے لئے لیموں کی سکنجبین کا لگاتار استعمال بہت مفید ہے، مگر امیر لوگ اس سے مطمئن نہیں ہو سکتے، اس لئے وہ ہسپتالوں کی طرف رجوع کریں۔ اس شربت کو دو ماہ لگاتار تین بار روزانہ استعمال کر کے دیکھیں۔ لیموں میسر نہ ہوں تو دیگر سکنجبین بھی استعمال کر سکتے ہیں، جو زیادہ ترش نہ ہو ؛

[حکیم چراغ علی سی۔ پی]

پھیپھڑے

اور

جگر کے امراض

(۱) دونوں میں سے کسی ایک میں کوئی نقص ہو تو چھ ماہ کے بکرے کے بچہ کا پھیپھڑا اور کلیجہ کے لئے کلیجی ہی کھائیں مگر بکرہ بیمار نہ ہو' اس کے یہ اعضاء زخمی نہ ہوں، کلیجی تو انسان کے لئے ایک زندگی اور روح رکھتی ہے. جو چیز خون پیدا کرے وہ انسان کی ہر بیماری کو فائدہ کیوں نہ دے، کلیجی کچی یا نچوڑ کر پلانا اور بھی اکسیر ہے، اس میں نمک یا ٹاٹری قدرے اس لئے ڈالتے ہیں کہ پینے میں مزا اچھا ہو جائے، ڈاکٹر خون کی کمی والے کو بھی کھانے کو بتاتے ہیں اور اسی کے نچوڑ کے انجکشن لگاتے ہیں ؞ [قوسوی]

(۲) جگر کی گرمی دور کرنے کے لئے ٹھنڈے کشتے اور ٹوٹکے استعمال میں لائیں جو بخارات کے بیان میں گرمی والے کے لئے تحریر ہیں ؞ (")

(۳) جگر کے لئے کشتہ فولاد تربوزی نہایت اعلےٰ ہے ؞ (")

(۴) جگر کی اکثر بیماریوں کے لئے قلعی گر جس برتن میں قلعی شدہ برتن بجھاتا ہے. اس پانی کو مقطر کریں اور تین بار دن میں پیا کریں' نہایت نفیس ہے ؞

[قوسوی]

پیٹ کے امراض

★ پیٹ کے حصص میں معدہ ہزار بیماریوں کا مصدر ہے۔ غذا باقاعدہ اور وقت پر نہ کھانا کسی نہ کسی شکایت کا باعث ہو کر طرح طرح کی بیماریاں پیدا کر دیتا ہے۔ معدہ کو معمول پر رکھنے کیلئے حسب ذیل ٹوٹکے یاد رکھیے :———

(۱) جس قدر پرندوں کے معدے مہیا ہو سکیں خشک کر کے پیس رکھیں اس میں چار نمک ملا کر کھانا نہایت مقوی معدہ ہے ÷ [توسوی]

(۲) تمہ میں سوراخ کر کے اس کا کچھ مواد اور بیج وغیرہ نکال کر اجوائن دیسی معہ نمک یا چہار نمک بھر کر رکھ دیں، ایک ماہ بعد نکال کر یہ اجوائن پیس کر محفوظ رکھیں اعلیٰ درجہ کی ہاضم اور مصلح معدہ ہے ÷ (")

(۳) مولی معدہ کے لئے اکسیر ہے مگر خود ہضم نہیں ہوتی۔ مولی کے ٹکڑوں پر چار پانچ گھنٹہ نمک لگا کر رکھیں، اور پھر کھائیں اس کے بعد تھوڑا سا گڑ کھائیں تاکہ مولی بھی ہضم ہو جائے ÷ (")

(۴) بعض دفعہ بہت ہی معمولی درد سا معلوم ہوتا ہے اس کا فوری علاج امرت دھارا ہے روغن سنیاناسی ۵ سے ۱۰ بوند، عرق بادیان کے ساتھ کھائیں، یا میٹھا سوڈا ۳-۴ ماشہ نیم گرم پانی سے کھائیں یا کچور اور نمک نیم گرم پانی سے کھائیں یا اجوائن اور نمک نیم گرم پانی سے کھائیں ÷ (")

۵) اگر قبض ہو تو اطریفل زمانی ۱ تولہ، گلقند ۳-۴ تولہ ملا کر دودھ سے کھائیں، پیٹ زیادہ خراب ہو اور طبیعت زیادہ بوجھل ہو تو کسٹر آئیل یا مگنیشیا کا جلاب لیکر پیٹ صاف کریں، سنا مکی

۱ تولہ، پھل گلاب ۵ تولہ دودھ میں پکا کر پن چھان کر پئیں، بے ضرر جلاب ہے، (قوسری)

(۶) دائمی قبض کے لئے گل بنفشہ ۱۰ تولہ، سیر بھر پانی میں رات بھر بھگو رکھیں، صبح جوش دیں آدھا پانی رہ جائے تو اس میں ۱۰ تولہ بادام روغن ڈال کر پکاتے جائیں تا آنکہ پانی جل جائے، روغن چھن کر شیشی میں ڈال لیں یہ روغن روزانہ ۶ ماشہ دودھ کے ساتھ سات روز استعمال کریں، پھر بھی گاہ بگاہ استعمال کریں، نہایت بہتر ہے ؞ (〃)

(۷) بچوں کو سخت قبض ہو جایا کرتی ہے، اوپیم - ۶ - استعمال کریں، نہایت نفیس ہومیوپیتھک ٹوٹکہ ہے ؞ [ڈاکٹر محمد حسین راتب]

(۸) ڈائسکوریا مدر ٹنکچر ہومیوپیتھی پیٹ درد اور ہر قسم کے اعصابی درد کیلئے تیر بہدف ہے (〃)

(۹) جلاب: سقمونیا ۱ تولہ۔ گل قند اعلیٰ ۱۲ تولہ خوب گھوٹ لیں قبض کشائی کیلئے ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک دودھ کے ساتھ، نہایت عجیب و غریب ہے ؞ [حافظ محمد یوسف]

(۱۰) زیرۂ ہاضم: گھر میں بنا کر رکھنا نہایت کار آمد ہے، زیرہ سفید ۱ تولہ، سرکہ خالص ۱ تولہ تیزاب گندھک ۳ ماشہ نمک سیاہ ۳ ماشہ تین روز شیشی میں بند رکھیں، پھر سایہ میں خشک کریں، نہایت مفید اور عمدہ ہے، چٹکی بھر استعمال کریں [حکیم عبد اللہ]

(۱۱) پیٹ کی ریح کے لئے پانی میں ۲-۳ قطرے تیزاب گندھک ڈال کر پئیں ؞ [قوسری]

(۱۲) تازہ امرود بغیر نمک مرچ اور لوہا لگائے کھانا نہایت مقوی معدہ ہے ؞

ہیضہ

بہت بری مرض ہے۔ موسم کی خرابی، غلیظ اور گندی اشیاء کا کھانا اور زیادہ کھانے سے ہوا کرتا ہے اسکے مریض کو قے کرا دینی نہایت مفید ہے:-

(۱) ایک بوٹی بنام پنجابی پچھیچھی ہیضہ ہی کے دنوں میں تالابوں کے کنارے اگتی ہے، زمین کے ساتھ ہی بچھی ہوتی ہے، سرخ رنگ کا چھوٹا سا پھول دیتی ہے۔ وزن چھ ماشہ مرچ سیاہ پانچ دانہ کے ہمراہ پاؤ سیر پانی میں گھوٹ کر پلائے اکسیر اعظم کا حکم رکھتی ہے اس بوٹی کو اندرانی بھی کہتے ہیں ؞ [نا معلوم]

(۲) بچوں کے لئے ریونڈ کی جڑ، آملہ تولہ تولہ کوٹ کر پاؤ بھر پانی میں گھوٹ لیں اور نتھار کر حسبِ ضرورت چھوٹا چمچ دیں، بہت مفید ہے ؞ [توسوی]

(۳) ہیضہ والے کو پیاس کی شدّت کے وقت پیپل کی چھال کو ٹلہ کر کے پانی میں بجھائیں اور وہ پانی پلائیں مگر تھوڑا تھوڑا، منقہ اور گلاب کا پانی بھی دیا جاتا ہے۔ مگر جہاں تک ہو سکے کم مقدار میں دیں، عرق مولف اور سکنجبین بھی دینا اچھا ہے ؞

(۴) ہیضہ میں پیشاب بند ہو تو اس کا کھولنا ضروری ہے، چوہے کی مینگنی اور شورہ ہموزن پیس کے زیر ناف لیپ کریں، میرا آزمودہ تو نہیں ہے مگر پیشاب لانا ضروری ہے جو ربڑ کی نالی سے بآسانی کھولا جا سکتا ہے ؞ ["]

(۵) ہیضہ میں مریض کو قے کرانا اچھا ہے۔ گرم پانی میں نمک ڈال کر پلائیں اور ہاتھ کی انگلیوں سے گلے میں خراش کریں۔ مرغی کا پَر بھی پھرا جا سکتا ہے فوراً قے ہوتی ہے اسی طرح رائی چھ ماشہ پیس کر گرم پانی میں پلائیں تو ضرور قے ہو گی ؞ ["]

(۶) **تریاق ہیضہ**: پوست آک کی جڑ کا خشک کر کے سفوف کر لیں۔ تخم مرچ سرخ، مرچ سیاہ، ہلدی دیسی، پودینہ دیسی خشک مساوی الوزن پودینہ سبز کے پانی میں دو دن کھرل کر کے گولیاں بنائیں، چنے کے برابر ایک ایک گولی گھنٹہ گھنٹہ کے بعد سکنجبین اور عرق گلاب کے ہمراہ دیں ؞ [حکیم الطاف حسین]

(۷) **نفیس تر ٹوٹکہ**: مرچ سرخ کا چھلکا۔ قند کہنہ ہموزن کوٹ کر گولیاں ماش کے دانہ کے برابر۔ ایک گولی ہمراہ آب یا چاء۔ پھر پندرہ منٹ بعد دوسری گولی۔ اسی طرح تیسری گولی۔ دونوں قسم کے ہیضے ختم ؞

(۸) **ایک دفعہ محنت**: میٹھا تیلیہ مدبر در شیر گائے، کالی مرچ، مگھاں تولہ تولہ کھرل کریں اور کنوار گندل کا رس دیتے جائیں۔ آدھ سیر کے قریب تو وہ جذب کر دیں خواہ گولیاں ماش کے دانہ کے برابر بنا لیں، خواہ پوڈر رکھ لیں، ۲ گولی چاء سے ہیضہ کیلئے۔ اسکے علاوہ بلغمی اور ریحی امراض کیلئے بہترین ہتھیار ہے ؞ [توکلی]

(۹) ہیضہ کیلئے ہومیوپیتھک دوا آرسنک البم۔ ۳۰۔ ایک قطرہ دوسری خوراک ۱۵ منٹ بعد

اور تیسری تیس منٹ بعد، چوتھی ایک گھنٹہ بعد اور آخری دو گھنٹہ کے بعد تیر بہدف ہے ؛ [حافظ محمد یوسف]

ابھرا

(۱) امرت دھارا چھ قطرے بتاشہ پر ڈال کر دیں، گلے بیل کو تین گنا دے کر نظارہ دیکھ لیں ؛ (توسوی)

(۲) **امرت دھارا :** کافور دیسی ۲ تولہ، ست پودینہ ۱ تولہ، ست اجوائن ۱ تولہ، کاربالک ایسڈ ۳ ماشہ ملا کر دھوپ میں رکھیں۔ بھڑ، بچھو کاٹے پر بھی مؤثر ہے ؛ (حکیم سید الطاف حسین)

(۳) چاروں نمک ماشہ ماشہ، سنڈھ رتی، ٹاٹری یا ست لیموں اور ست پودینہ دو دو قطرہ کوٹ ملا کر نصف گھنٹہ کے بعد دیں۔ انشاء اللہ ابھرا دور ہو گا ؛ (")

(۴) **بہترین جلاب :** سقمونیا سانڈنی مارکہ، مغز بادام مقشر، سونف منقی، ہموزن ملا کر خوب پیس کر چنے کے برابر گولیاں۔ ایک گولی سے چار گولی تک حسب عمر ہمراہ گرم دودھ دیں ؛ [حکیم سید الطاف حسین]

پیچش

(۱) عام طور پر چھلکا اسبغول کی طرف رجوع کیا جاتا ہے مگر جلاب لینے کے بعد نہایت مفید ہے ؛ [توسوی]

(۲) گندم کی روٹی نمک مرچ تکلیف میں اضافہ کرتی ہے دہی اور چاول زیادہ استعمال کریں (")

(۳) جامن کے سبز پتے کوٹ کر پانی نکال لیں چینی ڈال کر دو تین گھونٹ دن میں دو تین بار پئیں (")

(۴) دار چینی پسی ہوئی ۲ ماشہ میں چینی ملا کر دن میں تین چار بار دفعہ استعمال کریں دونوں قسم کے پیچش کو مفید ہے ؛ (")

(۵) پوست . زنگ ہریڑ. سونٹھ، ہموزن کوٹ کر گھی میں چرب کر کے توے پر بھون لیں بچوں کو ایک ماشہ بڑوں کو ۳ ماشہ استعمال کرائیں ؛ (")

(۶) **تریاقی گولیاں :** کافور، پوست ہلیلہ زرد، پوست آملہ تولہ تولہ۔ زعفران

حکیم محمد زاہدعلی لاهوری قادری نقشبندی
(Free Tibbi Books Group)

۴ ماشہ خوب گھوٹ کر عرق گلاب چھٹانک بھر کھرل کر دیں اور چنے برابر گولیاں بنالیں۔ دن میں ایک ایک گولی تین دفعہ۔ اگر عرق گلاب کی بجائے برانڈی میں کھرل کریں تو بے خطا ٹوٹکہ ہے۔ [حکیم عبد اللہ]

(۷) خونی پیچش کے لئے گڑ کے میٹھے چاول پکا کر آم کے اچار کے ساتھ کھائیں۔ جب بھی آزمایا مفید پایا۔ [توکلی]

(۸) غیر خونی پیچش کے لئے پاؤ بھر دہی لے کر ۲-۳ قطرے تیزاب گندھک ملا کر کھالیں۔ اکثر بے خطا پایا گیا؛ [توکلی]

(۹) پیچش کے لئے ۶۹۳ نمبر گولیاں نہایت مفید ہیں۔

(۱۰) انٹرو وایو فارم کی ایک گولی ۲ گرین سوڈا بائیکارب میں دیں۔ معدہ کی خرابی، دست اور پیچش کو مجرّب ہے۔

اسہال یعنی دست

(۱) پیپل کی چھال کو باریک کریں، اور بوقت ضرورت پانی سے پھانکیں، دستوں کو بند کرنے کے علاوہ مثانہ کی کمزوری کے لئے بھی عجیب ہے میرے تجربہ میں آچکا ہے۔ مگر حکیم عبد اللہ صاحب اس کا کوئلہ بنا کر مصری ملا کر کھانا بہتر تحریر فرماتے ہیں۔ (قوسوے)

(۲) انار کا چھلکا تولہ بھر پیس کر صبح سرد پانی سے ½ ۱ ماشہ کھائیں۔ (〃)

(۳) یہی چھلکا شہد میں ملا کر بچوں کو چٹائیں۔ (〃)

(۴) گوند کیکر ایک تولہ آٹے میں گوندھ کر روٹی پکا کر کھانا پیچش کو دور کرنے میں لاثانی ہے ؛ [حکیم عبد اللہ]

(۵) لگروندہ بوٹی چٹکی بھر تازہ پانی سے لیں؛ اسہال خونی اور مروڑ بند ہوں گے؛ (قوسے)

(۶) ہومیوپیتھک دوا مرکیوریس کار × ۳۰ پیچش کی بہترین دوا ہے۔ بار بار پاخانہ، درد تکلیف سے آتا ہو۔ آمیزش خون بھی ہو نہایت بہتر ہے۔

(۷) پیچش خونی کے لئے دہی میں خشخاش ڈال کر کھائیں مجرّب ہے ؛

حکیم محمد زاہدعلی لاھوری قادری نقشبندی
(Free Tibbi Books Group)

(۸) دانتوں کے بیان میں سرخا ملاحظہ کریں۔ [توسوی]

انتڑیاں

(۱) انتڑیوں میں تکلیف کا باعث اکثر سدّے ہوتے ہیں۔ معمولی مسہل لے لیں، حقنہ یا انیمہ سب سے بہتر عمل ہے۔

(۲) انتڑیوں میں خراش اور سدّوں کا بھرنا محسوس ہو تو مربہ ہی میں اسبغول کا چھلکا کو ملا کر استعمال کریں۔ ایسے مریض کے لئے کسٹرائل کا جلاب ہی بہتر ہے ؛

(۳) یہ مسہل لاجواب ہے۔ جلابہ ۳ تولہ۔ سقمونیا ولایتی ۱ تولہ۔ کیلومل ۶ ماشہ باریک پیس کر روغن بادام شیریں میں چرب کرلیں، خوراک ۲۔ ۳۔ ۴ ماشہ تک۔ اس مسہل کا نام مبارک رکھا گیا ہے اور نہایت نفیس ہے۔ [حکیم سید الطاف حسین]

(۴) اذخر مکی ایک قسم کا گھاس ہے جو جڑھ سمیت پنساریوں سے عام ملتا ہے، قینچی سی باریک کتر لیں، اسکی چائے بنا کر پئیں نہایت عمدہ خوشبودار چائے ہوگی۔ انتڑیوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ [توسوی]

کرم شکم

(۱) فینائل کے تین قطرے اور مٹی کے تیل کے تین قطرے مریض سے پوشیدہ ملا کر ناک میں روئی دبوا کر پانی یا عرق میں پلائیں۔ مریض کی قوت جسمانی کا خیال رکھ کر خوراک کم و بیش کر سکتے ہیں۔ بچوں کے لئے صرف ایک ایک قطرہ کافی ہے۔ اس کے بعد کسٹرائل کا جلاب ضروری ہے۔ [توسوی]

(۲) پوٹاشیم پرمیگنٹ پانی میں حل کر کے جب اس کا رنگ سرخ ہو، دو گھونٹ پلا دیں، چھ گھنٹے کے بعد دوسری خوراک ؛

(۳) پوٹاشیم پرمیگنٹ ۱ چاول لے کر منقہ میں بند کر کے کھلا دیں۔ ایک دو خوراک میں ہی کرم ختم ہو جائے گی ؛

تلّی کے امراض

بڑی نامراد مرض ہے، راقم الحروف خود اس میں ایک بار مبتلا ہوا۔ خون پی جاتی ہے۔ زیادہ تو ملیریا سے ہوتی ہے۔ اور بڑھ کر ناف تک جا پہنچتی ہے:

(۱) تازہ جامن کا پانی سیر بھر لیں اور اس میں پاؤ بھر انجیر ڈال دیں اور سات روز تک بند رکھیں پھر مولی کا پانی چھٹانک بھر یا مولی خار ۶ ماشہ، مرچ سیاہ ۳ ماشہ اور نمک ۶ ماشہ کوٹ کر خوب گھولیں اور بند کر کے رکھ دیں۔ تین چار دن کے بعد ایک انجیر کے برابر کھا لیا کریں روزانہ، میرا مجرّب ہے: [تونسوی]

(۲) مولیاں کھایا کریں مگر اس کے بعد قدرے گڑ کھا لیا کریں۔ ["]

(۳) مولی کے ٹکڑوں پر نمک اور صرف نوشادر لگا کر کھا لیا کریں یا کنوار گندل کو ایک طرف سے صاف کر کے اس پر نمک اور نوشادر لگا کر صبح کو وہی گودا کھا لیں بہت اچھا ہے'

(۴) لیکن ان تمام ادویات کے ساتھ ساتھ خون پیدا کرنے والی اشیاء کا استعمال ضروری ہے۔ میں خود بکرے کی کلیجی قیمہ کر کے اور نچوڑ کر پاؤ بھر خون ٹاٹری ڈال کر پیا کرتا تھا۔ اور ساتھ انجیر والا نسخہ استعمال کرتا تھا: [تونسوی]

(۵) رائی ۳ ماشہ، سہاگہ بریان تولہ کوٹ کر سفوف بنائیں۔ ۲ سے اڑھائی ماشے پانی کے ہمراہ کھائیں: [حکیم عبد اللہ]

(۶) ملیریا بخار، جگر اور تلی کی اصلاح کے لئے۔ گیرو ایک ماشہ۔ نوشادر ۲ ماشہ، شورہ قلمی ۲ ماشہ۔ مغز تخم کرنجوہ ۸ ماشہ باریک پیس لیں۔ خوراک ۱ ماشہ کیپسول میں بند کر کے دیں۔ چڑھے بخار کو بھی روکے۔ باری کے بخار کے لئے ۲ گھنٹہ پہلے دیں، قبض ہو تو اس کا اہتمام ضرور کریں: [حکیم سید الطاف حسین]

(۷) کمزور اشخاص اور خون کی کمی والوں کو ہمیشہ لوہے کا ایک چھٹانک بھر ٹکڑا آگ میں سُرخ کر کے پانی میں بجھا کر پانی پینا کشتہ فولاد کا اثر رکھتا ہے۔

(۸) شیشے کی بوتل میں کچھ مقدار مرچ سیاہ ڈالیں اور اوپر گندھک کا تیزاب ڈالیں، ۳۶ گھنٹہ کے بعد مرچیں نکال کر سایہ میں خشک کر لیں اور روزانہ ایک مرچ کھلائیں۔ فقیرانہ ٹوٹکہ ہے۔ (توسوی)

مثانہ کے امراض

(۱) بعض حالات میں پیشاب لانا مفید ہوتا ہے، مثلاً اپھرا، ہیضہ، درد گردہ وغیرہ۔ سوڈا بائیکارب پانی میں حل کر کے پلانا پیشاب آور ہے۔ [توسوی]

(۲) سرخ مرچ کا گودہ یعنی تخم نکال کر شہد میں کھرل کر کے چٹائیں فوراً پیشاب لائیگا (حکیم عبداللہ)

(۳) پیلو کا پانی پیشاب آور ہی نہیں پتھری بھی خارج کرتا ہے، پانی اور نمک ملا کر لذیذ بنا کر پئیں رک رک پیشاب آنے والے کے لئے نہایت بہتر ہے۔ [توسوی]

(۴) کمزور مثانہ کے لئے انڈوں کے چھلکے کا کشتہ بہتر ہے یا پیپل کی چھال باریک کر کے دن میں دو بار چٹکی چٹکی پانی سے دیں۔ ["]

(۵) ٹنکچر بیلاڈونہ کے ایک سے پانچ قطرے تک پانی میں پلانا چاہیئے۔

(۶) تخم خربوزہ، ریوند چینی اور گوکھرو ہموزن پیس کر پلانا پیشاب آور ہے (")

(۷) پیشاب میں شکر کے لئے ہومیوپیتھک دوا فاسفورس x ۳۰ نہایت نفیس ہے۔ شکر اور چینی کا پرہیز! [ڈاکٹر محمد حسین راقب]

(۸) کپوڑے اور گردے کھانا مفید ہے۔ شوربے کا استعمال کم ہونا چاہیئے۔

(۹) تیس عدد لیموں کے عرق میں بارہ عدد سالم انڈے چھوڑ دیں اور چالیس دن تک پڑا رہنے دیں، انڈے حل ہو جائیں گے، اسے پن نچوڑ کر پاؤ بھر شہد اور روغن زیتون

ملا کر ۲ تولہ کے روزانہ استعمال کرائیں۔ قابل قدر ہے۔ (قوسوی)

(۱۰) سونے میں پیشاب نکل جائے یا بہت دفعہ آتا ہو تو چٹکی بھر تخم جامن کا سفوف دن میں تین بار پانی سے کھلائیں۔ جامن کا تخم جتنا پرانا ہو گا زیادہ مفید ہو گا۔ مجرّب ہے۔ (قوسوی)

(۱۱) پیپل کا چھلکا جو خود بخود گرا ہوتا ہے پیس کر غبار کر لیں اور ۴ ماشہ روزانہ پانی کے ہمراہ کھلائیں، پندرہ بیس روز کے استعمال سے اس بیماری سے ہمیشہ نجات ہو گی ؛

گردہ کے امراض

یہ معلوم کرلینا ضروری ہے کہ درد گردہ ہے یا قولنج۔ پھر علاج کیا جائے کوئی ملین چیز کھا کر ویکٹ دو جلاب لے لیں اگر وہ بھی درد ہے۔ تو یہ گردہ کی درد ہے:——————

(۱) درد گردہ کا علاج کشتہ حجر الیہود ہے۔ حجر الیہود پیس کر ایک چھٹانک کنوار گندل کا گودا پھر لیموں کا پانی پھر جامن کا پانی اسی وزن کا ڈال کر خوب کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر سات سے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برآمد ہوگا۔ ایک سے چار رتی تک عرق کاسنی کے ساتھ دیں۔ (قوسوی)

(۲) پچھلے صفحہ پر انڈوں والا نسخہ بھی مجرّب ہے۔ (")

(۳) پتھکنڈا کی راکھ ۶ ماشہ پانی کے ہمراہ پھانکیں۔ گردہ، مثانہ اور سنگ گزیدہ کے لئے نہایت بہتر ہے۔

(۴) جنگلی کبوتر کی بیٹ جو سفید رنگ ہو پیس کر چائے میں دیں، درد گردہ والے کو آرام ہوجانے کے بعد اس کا عمل جاری رکھنا نہایت ضروری ہے۔ پھر نہ ہوگی اور اس اس سے بھی نفیس علاج یہ ہے۔

(۵) موٹے اخروٹ معہ چھلکا ہاون دستہ سے کوٹ کر ایک چھٹانک میں ایک رتی جون کھار، ایک رتی مولی کھار اور حسب ضرورت چینی ملا کر رکھ دیں اور وقتاً فوقتاً پھانکا کریں، نہایت ہی اعلیٰ درجہ کا علاج ہے۔ کبھی کبھی کاسنی یا سونچل کا ساگ بھی کھایا کریں۔ [قوسوی]

(۶) پتہ میں درد بھی ہوا کرتا ہے جس کا باعث ریت یا پتھری ہے مذکورہ بالا ٹوٹکے اس کے لئے بھی مفید ہیں (") (۷) پتھری گردہ و مثانہ کا بواسیر کے باب میں ایک ٹوٹکہ دیکھئے۔

بخاروں کا علاج

(۱) عام بخار اور ملیریا کے لئے بے نظیر اکسیر، ہڑتال ورقیہ تولہ پھٹکڑی گلابی ۵ تولہ، دونوں کو کر نجوہ کے پانی میں گھوٹ کر ٹکیہ بنا کر سکھالیں، اور کرنجوہ کے پتوں کے ایک پاؤ نغذہ میں کسی کوجی میں بند کر کے ۲۰ سیر اپلوں کی آگ دے دیں، سیاہ رنگ کی دوا برآمد ہو گی۔ ایک رتی تا ڈیڑھ رتی صبح یا عصر کے وقت کچے دودھ کے ساتھ، سرما کے موسم میں نیم گرم دودھ سے ؛ [قتو سوی]

(۲) پھٹکڑی ۵ تولہ۔ ورقیہ ایک تولہ پیس کر توے پر ڈال کر کنوار گندل سے ڈھانپ کر نرم آنچ دے کر پھول کر لیں۔ نہایت مفید ہے۔ ایک چٹکی ہمراہ آب گرم ؛ ["]

(۳) اگر اسی کشتہ کو بھیکڑ کے چار گنا ڈال کر کھرل کر کے خشک کر لیں یہ نہ ملے تو گلو کے پانی میں کھرل کر لیں۔ کونین اس کے سامنے بے حقیقت ہے ؛ ["]

(۴) کونین مکسچر یا ہاورڈ کونین عام استعمال کی جاتی ہے اس کے ساتھ دودھ کا استعمال لازم ہے۔ متواتر تھوڑا تھوڑا بخار ہو تو ایسٹرن سیرپ بہت اچھا رہتا ہے، ["]

(۵) تیجے اور چوتھے بخار کیلئے بوھے کا سفید گھر قدرے گڑ میں لپیٹ کر دیدیں، [حکیم عبداللہ]

(۶) باری کے بخار کے لئے حب شفا خوب ثابت ہوئی ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ تخم دھتورہ سیاہ، ریوند خطائی، چار چار ماشہ، سنڈھ بے ریشہ ایک تولہ علیحدہ علیحدہ پیس کر گودہ کنوار گندل یا گوند کے پانی میں نخودی گولیاں بنالیں، بچوں کے لئے ماش کے دانہ کے برابر، گرم پانی سے رات کو دیں، یہ گولیاں سر درد، عصابہ، شقیقہ، نزلہ، زکام، بخار، ہڈیوں کا دکھنا، درد کمر، درد رحم، درد گردہ، دمہ وغیرہ کو بھی مفید ہیں۔

[حکیم چراغ علی سی۔ پی]

(۷) محض گرمی اور گرمی سے بخار اور جسم تپتا ہو تو املی، آلو بخارا کے تین تین یا چار چار

دانے بھگو کر دن میں ایک سے دو گلاس حسب منشا چینی یا نمک ڈال کر پئیں' (فوسی)

(۸) آگے یرقان کے باب میں نمبر ۲ سے نمبر ۵ تک بھی دیکھیں ؛

(۹) بخار عام صرف پسینہ لینے سے اتر جاتے ہیں۔ نمونیہ کے بیان میں پسینہ آور ٹوٹکے دیکھئے' یا اسپرو کی دو ٹکیاں یا ساریڈان کی ایک ٹکی کافی ہے۔ بچوں کو عمر کے مطابق دیں ؛ [فوسوی]

(۱۰) ہومیوپیتھ دوا فیرم فاس ۶ جن بخاروں میں پھڑکن والے درد ہوں۔ بہت عمدہ ہے ؛ [ڈاکٹر اوراق ہومیوپیتھ]

(۱۱) تپ محرقہ کے لئے کلورم فینی کول، عام طور پر سٹیپٹو مائی سین کے نام سے مشہور ہے کسی ڈاکٹر کے مشورہ سے حسب عمر استعمال کرائیں' نہایت بہتر ہے' ["]

(۱۲) ملیریا کے لئے ایپکاک ۳۰۔ اور نیٹرم میور اکسیر ثابت ہوئی ہے ؛ ["]

(۱۳) ہر قسم کے بخاروں کے لئے نہایت مفید، تلسی کے تازہ پتے اور مرچ سیاہ ہموزن کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ بخار آنے سے قبل دو گولیاں کسی مناسب عرق یا پانی کے ساتھ کھلائیں' نہایت مجرب ہے ؛ [حکیم عبداللہ]

یرقان کا علاج

سخت گرم مزاج والوں کو یہ مرض ہوا کرتا ہے، بُری مرض ہے جسم کی جلد پیلی ہو جاتی ہے یہاں تک کہ آنکھیں بھی زرد ہو جاتی ہیں ۔

(۱) مولی کے ڈنڈلوں کا پانی پاؤ بھر دن میں دو بار پلائیں، بہت ہی قابل قدر نسخہ ہے، پیشاب کے راستے تمام گرمی نکال دے گا ۔

(۲) کشتہ تربوزی اس کے لئے اکسیر ہے اور بنانے میں آسان ہے، ایک بڑے سے تربوز میں چھٹانک بھر برادہ فولاد ملا کر ترپھلا وزن چھٹانک چھٹانک ڈال کر تربوز کا سوراخ اسی ٹکڑے سے بند کر کے آٹا لگا کر کسی پرانی روڑی کے اندر گہرائی میں دفن کر دیں۔ تین ہفتہ کے بعد نکالیں، تربوز اندر سے پانی پانی ہوگا۔ اسے نکال کر چھان کر کڑاہی میں زائد پانی سکھالیں، پھر پانی میں گھوٹ گھوٹ کر پانی نتھار لیں، سیاہی دور ہو جانے پر نہایت عمدہ کشتہ برآمد ہوگا۔ خوراک نصف رتی سے دو رتی تک کسی ٹھنڈے عرق کے ساتھ دیں مگر یہ پہلے ہو تو کارآمد ہی وقتی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے تربوز کا پانی خوب پلائیں گرم اشیا سے پرہیز لازم ہے (توسوی)

(۳) شربت بل کتھ یرقان والے کے لئے نہایت اعلیٰ ہے [قوسوی]

(۴) شربت کچنار بھی اسی طرح نافع ہے ۔ ["]

(۵) صندل اور کاسنی بھی فائدہ دیتے ہیں مگر کم ۔ ["]

(۶) اونٹ کا دودھ بہترین علاج ہے ۔ ["]

(۷) اونٹ کے لینڈے کو خشک کر کے چٹکی بھر کسی ٹھنڈے شربت میں دیں تو یہ بالخاصہ مفید ہے [حکیم محمد امین]

(۸) پیپل کے پتے اور لسوڑے کے پتے چار سے پانچ پانچ لیکر گھوٹ کر نمک ملا کر نہار منہ پینا نہایت بہترین اور غریبانہ ٹوٹکہ ہے (توسوی)

(۹) ہومیوپیتھک علاج۔ متعدی اور مہلک یرقان پر فاسفورس × ۳۰ حاوی ہے اگر ابتدا ہے تو آیوڈیم × ۳۰ نہایت مفید ہوگی ۔

امراضِ مُختلفہ

استسقا

(۱) نہایت بُری اور موذی مرض ہے۔ پیٹ میں پانی بھر جاتا ہے۔ مجھے بھی اس سے واسطہ پڑا۔ اب اللہ کی کرم نوازی ہے کہ صحت مند اور تندرست ہوں، گھر والے تو ڈاکٹروں کے حضور میں لے گئے، ایک نیا ٹیکہ ایجاد ہُوا ہے بہت کم قیمت ہے اس کے لگانے سے پانی خارج ہو جاتا ہے اور دو گھنٹہ کے بعد، اور ساتھ ساتھ مقوی جسم ٹیکے لگائے گئے۔ مگر اس ٹیکہ نے میرے جیسے مضبوط جسم والے کو انتہائی کمزور کر دیا۔ یعنی میرے گردوں کی چربی بہہ گئی ثابت ہُوا کہ یہ ٹیکہ مجرب ہے۔ مگر صرف ایک ہی بار لگایا جائے اور اس کا نام نپٹال ہے۔ ٹیکہ لگانے سے آدھ گھنٹہ پہلے ۴ ماشہ نوشادر پانی میں حل کر کے پلائی جاتی ہے۔ (قوسوی)

(۲) گائے کا پیشاب دو تین گھونٹ پلائیں، مجرّب اور خاص ہے۔ جس کی قدر استعمال کرنے کے بعد معلوم ہو گی ؛ [حکیم محمد امین]

(۳) مولی کے ڈنڈلوں کا پانی مجھے خود بے حد مفید ثابت ہُوا۔ [قوسوی]

(۴) سادہ استسقا مع بخار ہو تو اکونائٹ ۳۰ طاقت دیں ؛

(۵) اگر پیاس نہ ہو تو ایپس۔ ۴۔ نہایت مفید ہوتا ہے ؛

بواسیر

(۱) اصل باعث قبض ہے اس پر سرخ مرچ استعمال اور بھی تکلیف دہ ہے۔ قبض کا علاج کریں اور سرخ مرچ بالکل چھوڑ دیں ؛

(۲) مصبر۔ قلمی شورہ ہموزن کنوار گندل کے گردہ میں کھرل کر کے مسوں پر لیپ کریں، اسی دوا

یں مولی کا پانی ۲۰ گنا بذریعہ کھرل یا آگ پر خشک کر کے گولیاں نخودی بنائیں دن میں دو تین بار ایک گولی شربت بالنگو کے ساتھ دیں ÷ [قوسوی]

(۳) سنگجراح ۳ تولہ۔ گیرو ۲ تولہ۔ مولی کا پانی ایک پاؤ کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے ۲ پیالوں میں سمپٹ کر کے ۳ سیر اپلوں کی آگ دیں خوراک ایک سے دو ماشہ ہمراہ شربت بالنگا یا آب گرم (〃)

(۴) پوست ریٹھہ۔ گڑ پرانا ہموزن خوب کوٹ کر کوکن بیر کے مطابق گولیاں بنائیں مجرب ہے (〃)

(۵) پوست ریٹھہ سوختہ، گل بکائن یعنی دھریک کے پھول، گل نیم اور کتھہ ہموزن سفوف بنائیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ بالائی مجرب ہے۔ (〃)

(۶) سرمہ سیاہ۔ مازو۔ بارٹنگ ایک ایک تولہ کا سفوف بنائیں۔ ایک چٹکی ہمراہ پانی پئیں اور لعاب دہن کے ساتھ مسوں پر لگائیں۔ (〃)

(۷) جڑ ستیاناسی پانی میں گھس کر مسوں پر لگائیں، فوراً تکلیف رفع ہو گی اور ستیاناسی کا نمک دو رتی مکھن یا بالائی میں کھانا اور مسوں پر لگانا بیحد مفید ہے ÷ (〃)

(۸) کچنار کی خشک کلیوں کا سفوف مصری مکھن میں چاٹنے سے بیحد مفید ہے ÷ (〃)

(۹) خاص ٹوٹکہ۔ ۵ عدد سیاہ بچھو تازہ مار کر پاؤ بھر میٹھے تیل میں جلا لیں۔ یہ تیل مسوں پر لگائیں نیز پتھری والے کو تین چار قطرے احلیل کے راستے گزار دینے سے پتھری کٹ کر باہر آجاتی ہے بواسیر کے مسے یہ تیل لگنے سے جھڑ جاتے ہیں ÷ [حکیم عبد اللہ]

(۱۰) بواسیر خونی ہو بادی۔ ہومیوپیتھک دوا انگنڈیم مدر ٹنکچر کے پانچ قطرے روزانہ دو مرتبہ پلانا مجرب ہے ÷ [ڈاکٹر ادراق]

(۱۱) پھکنڈا کا پودا خشک کر کے پیس لیں اور ہموزن شکر ملا کر بالائی کے ساتھ ایک چٹکی دن میں دو بار کھائیں، نیز اس کے پتوں کی سردائی بنا کر پینا اور پتوں کا نغدہ مسوں پر باندھنا خون بند کر دیتا ہے۔ (قوسوی)

(۱۲) ریٹھے کا چھلکا گائے کے گھی میں گھوٹ کر نخودی گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح پانی سے عجیب ہے۔ (توکلی)

(۱۳) بواسیر بادی کے لئے، جڑ تمبہ، بادام گری اور منقہ میں گولیاں بنائیں۔ ایک گولی پانی کیساتھ، بہترین، مجرب اور قابل داد چیز ہے کئی بار تجربہ میں آئی ہے۔ (توکلی)

(۱۴) بواسیر خونی کے لئے، سنگجراح ایک تولہ کو ایک کیلہ کی پھلی میں شگاف دے کر اس میں رکھکر دھاگہ لپیٹ کر دو پیالوں میں بند کر کے تین سیر کی آگ دیں، ٹھنڈا ہو جانے پر نکال لیں، اور ڈلی نکال کر پیس لیں، خوراک ۲ سے پانچ رتی تک، (توکلی)

(۱۵) بہت ہی بوڑھے بیل کے سینگ کو توڑ کر تھوڑا سا پیس لیں اور اسے انگاروں پر ڈال کر اس کا دھواں مسوں کو لگنے دیں، چند بار یہ عمل کرنے سے مسے نہ صرف بیٹھ جاتے ہیں۔ بلکہ آخرش گر جاتے ہیں بے نظیر ٹوٹکہ ہے۔ [قوسوی]

(۱۶) نیلہ تھوتھا ۱ تولہ۔ ریٹھے ۱۲ عدد۔ نیلہ کو ۱۲ حصہ کر کے ان ریٹھوں میں ڈال دیں، گولیاں اندر ہی رہیں اور تھوڑا تھوڑا آٹا لگا کر منہ بند کر دیں، بواسیر والے ۱-۲ رتی مکھن میں ۷ دن میں یہ دوا سانپ کے کاٹے کو ۲ رتی کھلا کر اوپر سرسوں کا تیل پلائیں، جب مارگزیدہ تیل کی پہچان کرنا شروع کر دے مارگزیدہ ٹھیک ہو گیا۔ [قوسوی]

(۱۷) سات سالہ پرانا چھتہ زنبور جلا لیں۔ ۱ رتی خوراک پان لگے ہوئے میں دیں اور اوپر آدھ پاؤ گھی پلائیں، ۷ دن میں بواسیر خونی کو بیخ و بن سے اکھاڑ دے ہے، (آزاد شیرازی)

وجع المفاصل، درد جوڑ

(۱) توے پر سونف بھون کر مصری میں ملا کر کھائیں، خوب پسینہ آئے گا۔ ہوا سے بچیں، اور کنوار گندل کا لعاب گوشت میں بھون کر کھلائیں۔ نہایت قابل قدر ٹوٹکہ ہے۔ یہ عمل بار بار کریں۔ جوڑوں پر گرم تیلوں کی مالش کریں؛ (قوسوی)

(۲) ادھرنگ اور فالج کے لئے بھی مفید ہیں، مگر اس کے لئے ضروری ہے کہ فالج زدہ مریض کو فوراً فالج زدہ جگہ پر ہاتھوں سے زور زور کی مالش کریں اور دوسرے صاحبان گرم تیل میسر کرنے کی کوشش کریں (۱) گھی جس میں سفید پیاز جلایا ہو (۲) میٹھا تیل جس میں لونگ جائفل جلایا (۳) تیل سانڈہ (۴) ریچھ کی چربی (۵) ممونیہ کی ہر دوا اس پر مؤثر ہے،

(۳) کبوتر جنگلی، مرغ کی یخنی پلائیں اور خوب گرم رکھیں، (قوسوی)

(۴) بوڑھوں کے گھٹنوں کے درد کے لئے کبوتر کی سفید بیٹ پیس لیں۔ ارتی چائے کے ساتھ نہایت مجرب ہے: (قوسوی)

(۵) کمر درد کے لئے، بھاکڑا، جنگلی پوہلی، بھنے ہوئے چنے کی کھیلیں، ہموزن گھی میں بریان کر کے پستہ، بادام، مصری ملا کر پھانکا کریں؛ (قوسوی)

(۶) آکسن کی جڑ سکھا کر پیس کر ہموزن چینی ملائیں، خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک گرم دودھ کے ساتھ، (حکیم عبداللہ)

(۷) لنگڑی کے درد کے لئے، ہلہل بوٹی جسے بکرا بوٹی بھی کہتے ہیں، کوٹ کر ایک ٹکیہ بنا کر عین درد کی جگہ باندھیں۔ آٹھ دس گھنٹہ کے بعد وہاں جلن ہوگی اور جگہ سرخ ہوگی۔ پھر آبلہ پڑ جائے گا، اور زرد پانی خارج ہوگا۔ پانی میں دھلا ہوا مکھن اوپر لگاتے رہیں، لنگڑی کے درد کو عرق النسا بھی کہتے۔ کولھے سے شروع ہو کر ٹخنہ تک درد ہوتا ہے، (")

(۸) فالج جو چوٹ لگنے اور دماغ ہل جانے سے ہو کے لئے ہومیو پیتھک دوا آرنیکا ×۳ اکسیر ہے؛

(۹) نصف حصہ کا فالج ہو تو کاسٹیکم ×۴ نہایت مفید ثابت ہوا ہے اور کالی فاس ہر قسم کے فالج کے لئے نہایت عمدہ ہے خوراک کم سے کم کو بڑھا کر دیں۔

(۱۰) رعشہ کے لئے اکسیر ہومیو پیتھک دوا میگنیشیا فاس ×۴ بہت خوب ہے۔

(۱۱) جوڑوں کے درد کے لئے جس میں بخار، درد اور سوجن ہو کالچیکم ۳ تا ۳۰ بہت جلد فائدہ بخشتا ہے۔

(۱۲) اسگندھ ناگوری، سونٹھ، سورنجان شیریں اور بیج بدھارا ہموزن پیس لیں اور چینی ملالیں، خوراک ایک تولہ، تمام جسمانی دردوں کے علاوہ قوت باہ، جریان احتلام کو بھی مفید ہے،

(۱۳) فالج کے لئے سیاہ مرچ پیس کر تیل میں ملا کر تمام جگہ پہ طلا کریں۔ اس کے برابر کوئی اور دوا نہیں۔ [جالینوس]

ہسٹیریا

دلی جذبات اور وہم میں مبتلا ہو جانا اس کا اصل سبب ہے، یہ معلوم کیجئے مریض بعض دفعہ بے ہوش ہو کر بڑبڑاتے ہوئے بات کہہ دیتا ہے۔ یہ راز اس پر کھول دیں ورنہ وہ مزید خیالات میں ڈوبے گا۔ کھڑا بیٹھا گر جائے گا، دانت بند ہوں گے، اعضا ٹھٹھرے ہوں گے۔ آپ کی عقل و دانش اس کا علاج ہے۔ کسی کو اس کا ہمراز بنائیں، جو پیار و محبت سے اس کے دل کا راز پوچھے۔ ہسٹیریا کا ویسے ہی اندھا دھند علاج محض رقم خرچ کرنا ہے۔ ہمارے ٹوٹکے آزما کر دوسری طرف رجوع کریں ـــــ البتہ مستورات کو حیض کی خرابی یا رحم کی خرابی کے باعث ہو جاتا ہے۔ اس کے لیئے علاج ضروری ہے جو امراض مستورات میں درج ہے :- قوسوی

(۱) ایسے مریض کو ہوش میں لانے کے لیئے سرمہ سرکہ انگوری والا جو آنکھ کے بیان میں درج ہے ایک سلائی زبان پر لگائیں۔

(۲) ہینگ کو پانی میں حل کر کے حلق میں ٹپکائیں۔ فوراً ہوش آجائے گا۔ (قوسوی)

(۳) ہسٹیریا کی مریضہ کو ہوش میں لانے کے لیئے خوشبودار چیز ہرگز نہ سنگھائیں (توکلی)

مرگی

(۱) ایک کھنکھجورا جس کو پکڑتے اور ملتے اور پیستے وقت لوہا نہ استعمال کیا جائے سکھا کر سفوف بنالیں۔ مرگی والے کو عین دورہ کے وقت نسوار دیں۔ ۶، ۷ دفعہ عین دورہ کے وقت نسوار دینے سے مرگی کا مریض تندرست ہو جائیگا۔ (آزاد شیرازی)

(۲) برگ عشق پیچہ کا پانی چند قطرے ناک میں ٹپکائیں مریض ہوش میں آجائیگا (قوسوی)

(۳) برگ عشق پیچہ کے پانی میں دو عدد کھٹمل کھرل کریں تو مرگی والے کو کاغذ یا پارچہ میں لپیٹ کر دھونی دینا نہایت نافع ہے۔ (قوسوی)

(۴) کڑوی توری کا پانی ناک میں ٹپکائیں (قوسوی)

(۵) آک کا ڈنڈا سکھا کر نسوار لیں ؛ (قوسوی)

زہر کھانا

(۱) اگر کوئی زہر کھالے یا کسی کو کوئی کھلا دے تو زود اثر قے اور جلاب کرائیں۔ گھی بافراط پلا دیں، مریض کو سونے نہ دیں۔ ترش، مقوی اور قابض اشیا ہرگز نہ دیں۔ شکم میں درد ہو تو ٹکور کریں، جلاب آنے میں دیر لگے تو ڈوش کریں، جلاب سے پہلے بھی ڈوش کرا دینا بہت اچھا ہے۔ (قوسوی)

(۲) سنکھیا کے زہر کے لئے انڈے کی سفیدی جتنی ہو سکے، پلاتے جائیں، نہایت نفیس اور مجرّب علاج ہے! (قوسوی)

(۳) افیون کے زہر کے لئے بنولہ کی گریاں گھوٹ کر پلانا مفید ہے۔

(۴) سنکھیا کے زہر کے لئے کتھہ گھوٹ کر پلانا نافع ہے، (قوسوی)

(۵) افیون کے زہر کیلئے ارنڈ پیس کر چائے کے ساتھ دیں۔ (")

(۶) اخروٹ کا مغز گھوٹ کر پلانا افیون کا تریاق ہے، (")

(۷) کوئی شخص بھلانوہ کھالے تو مغز اخروٹ یا مغز ناریل یا تل سیاہ اس کا زہر ختم کر دیتے ہیں، (قوسوی)

سانپ کا کاٹنا - باؤلے کتّے کا کاٹنا

(۱) بہترین، مجرب المجرب اور بے خطا تحفہ، — بلور اصلی، نوشادر، سوہاگہ، سمندر جھگ، لوٹا سجی، تمام اجزا ہموزن لے کر باریک کپڑ چھان کر لیں، دوا تیار ہے،

اگر مریض بے ہوش ہو تو پہلے سفوف ریٹھ اس کے منہ میں ڈال کر پانی کی مدد سے اس کے حلق میں اتار دیں کہ ہوش کرے، پھر مندرجہ دوا ۶ ماشہ پانی کے ساتھ کھلا دیں۔ گائے بھینس کو ۲½ تولہ کی خوراک ہے۔ اور جہاں سانپ یا کتے نے کاٹا ہے وہاں استرے یا بلیڈ سے پچھنے لگا کر یہی دوا چھڑک دیں، جب دوا گیلی ہو جائے استرے سے ہی

صاف کر کے پھر دوا چھڑک دیں، حتیٰ کہ معلوم ہو کہ اب خون نکلنا شروع ہو گیا ہے، ہاتھ مت لگائیں، مریض خود بتائے گا کہ اب زہر کی تکلیف یہاں تک رفع ہو گئی ہے کھانے کی دوا دو تین دن کھلانی چاہئے۔ **پرہیز:** دودھ، گھی، ترش اشیاء، پرہیز کا خاص خیال رکھیں۔ سانپ اور کتے کے کاٹے کے لئے یہ مجرب المجرب نسخہ ہے۔

[آغا محمد صادق]

(۲) سانپ کاٹے کے لئے، نشتر سے زخم کر کے پوٹاشیم پرمیگنیٹ (کنوئیں میں ڈالنے والی لال دوا) اس میں بھر دیں۔ اور یہی دوا تھوڑی سی پانی میں گھول کر آدھا گلاس پی لیں، نہایت مجرب ہے۔ (قوسوی)

(۳) تیل ستیاناسی مندرجہ بالا طریق سے استعمال کریں۔ (قوسوی)

(۴) زخم کے اردگرد پچھنے لگا کر سنگی لگانا بہتر ہے۔ اگر مریض بیہوش ہو چکا ہو تو ہسپتال لے جائیں۔ (قوسوی)

(۵) سفوف ریٹھہ یہاں تک کھلائیں کہ کڑوا لگنا معلوم ہو! (قوسوی)

(۶) میٹھا تیلیہ رگڑ کر زخم پر لگائیں، عجیب ترین ہے! (قوسوی)

(۷) پیپل کے پتے، پاؤ بھر پانی میں گھوٹ کر پلائیں! (قوسوی)

(۸) کتا کاٹے کے لئے جب کہ مریض پاگل بھی ہو چکا ہو۔ بیر بہوٹی ۵ عدد کھلائیں۔ ایک گھنٹہ بعد ۲ عدد بیر بہوٹی پھر کھلا دیں۔ اگر مریض سو جائے تو جاگنے پر پھر دو عدد بیر بہوٹی کھلا دیں، تندرست ہو گا۔ احتیاطاً دو تین روز روزانہ دو عدد بیر بہوٹی پھر کھلاتے رہیں یہ ٹوٹکہ نہایت قابل قدر اور کرامت کا حکم رکھتا ہے۔ (قوسوی)

(۹) ایک عجوبہ ٹوٹکہ، سفید گدھے کا کان لے کر جو کے برابر ٹکڑے کر لیں، سگ گزیدہ خواہ کس حد تک پاگل ہو چکا ہو، ان ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا الیکر پان میں لپیٹ کر اس کے منہ میں ڈال دیں۔ مریض اسے خود بخود چبا جائے گا۔ تھوڑی دیر بعد اسے پاخانہ کی حاجت ہو گی اور کھل کر اجابت ہو گی۔ اجابت میں ایسا معلوم ہو گا جیسے نہایت زہریلے جراثیم خارج ہوئے ہیں، بالکل تندرست ہو جائے گا۔ (دیکھے درویش)

(۱۰) پھکنڈا کی جڑ پانی کے ہمراہ ۶ ماشہ بھانکیں۔ ہر تین گھنٹہ کے بعد تین خوراک روزانہ، سات دن تک، مار گزیدہ کے لئے بھی بہتر ہے؛ (قوسوی)

قے

(۱) قے بند کرنے کے لئے، ہرتال گوونتی بریاں آدھی رتی لے کر شربت انجبار کے ہمراہ دیں
(۲) ملتانی مٹی پانی میں حل کر کے پلا دیں،
(۳) سرج مرچ کا چھلکا دہی میں ملا کر لسی بنا کر پلائیں ؛
(۴) پیپل کا چھلکا جلا کر پانی میں بجھائیں یہ پانی چھٹانک بھر پلائیں، شدّتِ پیاس اور ہیضہ کو بھی مفید ہے۔
(۵) نمک سلیمانی یا اُمرت دھارا نہایت بہتر ہے ؛
(۶) چٹکی بھر تخم ستیاناسی چینی میں ملا کر دیں ؛
(۷) لیموں کی سکنجبین میں پودینہ، دانہ الائچی خورد اور گلقند گھونٹ کر چٹائیں ؛
(۸) سپاری ایک عدد، لونگ ۴ دانہ، مصری ۳ ماشہ، باریک کر لیں۔ ایک چٹکی بھر دیں؛ (قوسوی)

بالوں کے لئے

(۱) بال بڑھانے کے لئے نیم اور بیری کے پتے پیس کر اچھی طرح لگا دیا کریں اور ۴ گھنٹہ بعد دھو دیا کریں ؛
(۲) کریلا کی جڑ پیس کر لگانا بالوں کو دراز کرتا ہے اور سیاہ رکھتا ہے ؛
(۳) گھوڑے یا گدھے کا سم جلا کر میٹھے تیل میں ملا کر لگانا بالخیر کو مفید ہے ؛

حکیم محمد زاہدعلی لاھوری قادری نقشبندی
(Free Tibbi Books Group)

غیر متوقع حادثے

جل جانا

(۱) جلی ہوئی جگہ کو فوراً سرکہ سے چند بار دھوئیں۔ تسکین ہو گی۔ گل ارمنی سرکہ میں پیس کر لگانا بے حد مفید ہے۔ (قوسوی)

(۲) چونے کا پانی نتھرا ہوا نہایت ہی تسکین دیتا ہے۔ اور زخم بہت جلد درست ہو جاتے ہیں۔ یہ پانی چونے کو سات سے دس بار دھونے کے بعد قابل استعمال ہوتا ہے۔ (قوسوی)

(۳) سبا کمپنی نے ایک مرہم تیار کی ہے جس کا نام نوبرکیناں ہے نہایت ہی مفید مرہم ہے۔ (قوسوی)

(۴) انڈے کی سفیدی میں ۴ ماشہ مشک کافور ملا کر لگائیں۔ ہر قسم کے جلے کو نافع ہے۔ (قوسوی)

(۵) مریض اگر جلنے کے باعث ضعف قلب میں مبتلا ہو، تو دل کو تقویت دینے والی ادویات دیں۔ (قوسوی)

(۶) جلی ہوئی جگہ پر اگر پیپ پڑ جائے تو اصلی ستھ اصلی گھی میں حل کر پھایا لگانے سے دو تین روز میں آرام آجاتا ہے۔ (قوسوی)

(۷) انڈے کی سفیدی میٹھے تیل یا سرکہ میں ملا کر لگائیں نہایت بہتر ہے۔ (")

(۸) بدن جل کر سفید ہو گیا ہو تو ترپھلا پیس کر لگائیں۔ آرام بھی ہو گا۔ اور جلد کا رنگ صحیح ہو جائے گا۔ (قوسوی)

چوٹ لگنا

(۱) ضرب آنے سے خون جم جائے تو اسے نشتر کبھی نہ لگائیں۔ سینک کریں۔ سہاگہ، گندم کا آٹا اور ہلدی۔ پانی میں آگ پر لئی بنا کر گرم گرم باندھیں۔ (قوسوی)

(۲) مضروب جگہ پر سرکہ ۲ تولہ پانی ۵ تولہ ملا کر پٹی تر کر کے رکھیں۔ درد کو تسکین ہو گی۔

(۳) ضرب شدید کے لئے دل کی تقویت کا خاص خیال رکھیں۔ خوب گرم پانی جس میں نمک ملا ہو، مریض کے ہاتھ پاؤں رکھیں۔ قدرے آرام محسوس کرے گا۔ سنیاناسی کا تیل مقام ماؤف پر لگائیں۔ ایک گھنٹہ کے اندر اندر درد کو آرام ہو گا۔ پھر جگہ گرم رکھیں۔ ورنہ پھر درد شروع ہو جائے گا۔ (قوسوی)

نیند آور

(۱) کمرہ میں ہوا کا بندوبست کیجئے۔ نیند آ جائے گی۔ (")

(۲) پنکھا پر کیوڑہ اور بید مشک وغیرہ قسم کی خوشبوئیں چھڑک کر پنکھا کریں۔ خوشبوئیں نیند آور ہوتی ہیں۔ (")

(۳) روغن خشخاش۔ روغن کدو برابر ملا کر مریض کے تلوؤں، سر اور ہاتھوں پر مالش کریں۔ (")

(۴) تیل سنتیاناسی ۴ بوند لے کر آدھ پاؤ دودھ میں پلا دیں۔

(۵) بچوں کو سلانے کے لئے افیون یا برانڈی کی عادت کبھی نہ ڈالیں۔

خون بند کرنا

(۱) بازو یا ٹانگ پر زخم آ جائے اور خون بند نہ ہو تو زخم کے اوپر اور نیچے کس

کر پٹی باندھ دیں، عین زخم کو دبا کر خون بند کریں. زوردار پٹی باندھنے سے
خون بند ہوگا۔ اوپر ٹنکچر آیوڈین کا پھاہا لگائیں. اب خون نہیں نکلے گا. کچھ دیر
بعد آس پاس کے بند کھول دیں.

یونانی دوا کہربا شمعی پیس کر قدرے پانی سے گاڑھا لیپ لگا کر
پٹی باندھیں. خون بند ہوگا ☆

جامع الاکاسیر المعروف بہ کشتہ جات نظیر

کامل پانچ حصے

مصنفہ

جناب مولوی نذیر احمد خان طبیب گنگوہی

- اس سے پیشتر رسالہ ہائے کشتہ جات و دیگر کتب کثرت سے شائع ہو چکے ہیں مگر سب کے سب نامکمل سمعنا و لا علمنا کے مصداق ہیں کشتہ جات کے شوقین ہنوز بے بہرہ ہیں۔ مصنف نے ہر قسم کے کشتہ جات عرصہ دراز میں اس مرض مہوسی سیکھنے اور بنائے اور تجربہ کیا ان کو ایک جا جمع کر دیئے ہیں تا کہ عوام الناس فائدہ اٹھا کر دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔
- جامع الاکاسیر پانچ حصص پر مشتمل ہے۔
- حصہ اول کشتہ جات نظیر
- حصہ دوم کیمیائے نظیر
- حصہ سوم مجربات نظیر المعروف بہ قرابادین نظیر
- حصہ چہارم عملیات نظیر
- حصہ پنجم علاج العین نظیر
- جامع الاکاسیر کا کوئی حصہ ناکارہ نہیں ہے۔ اس کتاب میں وہ نسخے درج ہیں جو حکیموں اور سنیاسیوں کے ہی آج تک سینہ بسینہ چلے آرہے تھے ہر قسم کے عملیات بزرگوں کے آزمودہ درج ہیں اور اجازت حاصل کی گئی ہے۔
- الگ الگ حصے جات دستیاب نہیں ہیں۔

پانچ حصص یک جا مجلد

قیمت -/300 روپے

معجزات و عجائبات طب یونانی

المعروف سلک معجز نما

مصنف و مؤلف

ڈاکٹر شاد گیلانی

- اس کتاب میں طب یونانی کے وہ جواہر پارے ہیں جس کے مقابلے میں ایلوپیتھی میں ابھی تک کوئی دوائی ایجاد نہیں ہو سکی۔
- اس کتاب میں جو جواہر پارے ہیں۔ ایسے ایک ایک نسخہ کو اطبا ہزار کاوشوں سے حاصل کرتے ہیں برسوں خدمت کرنے کے بعد جب حاصل ہو جائے تو اپنے سینوں میں دفن کرتے ہیں وہ انمول خزانہ اس کتاب میں ہے۔ قیمت -/60 روپے

ہومیو پیتھک

جیبی انسائیکلوپیڈیا

مصنف و مؤلف

ڈاکٹر شاد گیلانی

- ہومیو پیتھی "علامات" کا علاج ہے۔
- مصنف و مؤلف نے اپنے تجربات کو اس طرح پیش کیا ہے کہ ہر طبیب ان سے فائدہ اٹھا سکے۔
- مختصر سا فارما کوپیا ہے۔
- یہ فارما کوپیا ہومیو پیتھ ڈاکٹر کے لئے بے حد مفید ہوگا۔
- محدود تعداد میں موجود ہے۔

قیمت -/60 روپے

مجربات بو علی سینا و لذات النساء

مصنفہ

جناب حکیم محمد عزیز حکیم حاذق

- یہ کتاب قانون شیخ الرئیس بو علی سینا طب اکبر، زمرد اخضر، میزان طب، کفایہ منصوری، مخزن حکمت و دیگر کتب معتبرہ سے منتخب کر کے بنائی گئی ہے۔ قیمت -/200

حکمت کے خفیہ راز

مصنفہ

جناب حکیم دیوان کاہن چند کپور پشاوریہ

- یہ کتاب میں معمولی امراض سے لے کر نہایت خطرناک بیماریوں کے نسخہ جات درج ہیں جو مصنف کتاب کی اپنی تمام زندگی میں بارہا تجربہ میں آ چکے ہیں۔ قیمت -/60 روپے

حکمت کے مفید ٹوٹکے

مرتبہ

بابا عبدالکریم گجراتی

- حکمت کے آسمان پر چاند اور ستارے۔
- مفید ٹوٹکے مرتب کو پچیس برس کی سرتوڑ کوشش کے بعد حاصل ہوئے۔ قیمت -/100

آسان بائیو کیمسٹری

مصنف و مؤلف

ڈاکٹر سلطان محمود چغتائی تلمیذ ڈاکٹر شاد گیلانی ہومیو پیتھ

- ہومیو پیتھک علاج کیلئے لاجواب کتاب

قیمت -/100

اکسیر اجملی

مرتبہ

بابا عبدالکریم گجراتی

- حکیم اعظم فخر حکمت جناب حکیم محمد اجمل خان صاحب کے بیاض میں سے چند نایاب تحفے

قیمت -/50